جامعات المدینۃ کے نصاب میں داخل عربی ادب کی اہم کتاب

فیض الادب

(خلیفہ مفتی اعظم ہند)

حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد قادری رضوی رحمہ اللہ القوی

المدینۃ العلمیۃ
(دعوت اسلامی)
(شعبۂ درسی کتب)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فیض الادب

(حصہ اوّل)

(خلیفہ مفتی اعظم ہند)

حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد قادری رضوی رحمہ اللہ القوی

پیشکش: المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اِسلامی)

شعبہ: درسی کتب

www.dawateislami.net

الصّلوة والسّلام عليك يارسول الله ۞ وعلى آلك وأصحابك يا حبيب الله

کتاب : **فیض الادب** (حصہ اول)

مصنّف : **حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد قادری رضوی رحمہ اللہ القوی**

پیش کش : مجلس المدینۃ العلمیۃ (شعبہ درسی کتب)

پہلی بار : ربیع الاول ۱۴۳۴ھ، فروری 2013ء تعداد: 2500 (پچیس سو)

دوسری بار : رمضان المبارک ۱۴۳۴ھ، جولائی 2013ء تعداد: 2500 (پچیس سو)

تیسری بار : ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، فروری 2015ء تعداد: 6000 (چھ ہزار)

ناشر : مکتبۃ المدینہ فیضان مدینہ باب المدینہ کراچی

WWW.dawateislami.net E.mail: ilmia@dawateislami.net

مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

۞......**کراچی:** شہید مسجد کھارادر باب المدینہ کراچی	۰۱	فون: 021-32203311
۞......**لاہور:** داتا دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ	۰۲	فون: 042-37311679
۞......**سردار آباد:** (فیصل آباد) امین پور بازار	۰۳	فون: 041-2632625
۞......**کشمیر:** چوک شہیداں میر پور	۰۴	فون: 058274-37212
۞......**حیدر آباد:** فیضان مدینہ آفندی ٹاؤن	۰۵	فون: 022-2620122
۞......**ملتان:** نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ	۰۶	فون: 061-4511192
۞......**اوکاڑہ:** کالج روڈ بالمقابل غوثیہ مسجد نزد تحصیل کونسل ہال	۰۷	فون: 044-2550767
۞......**راولپنڈی:** فضل داد پلازہ کمیٹی چوک اقبال روڈ	۰۸	فون: 051-5553765
۞......**خان پور:** درانی چوک نہر کنارہ	۰۹	فون: 068-5571686
۞......**نواب شاہ:** چکرا بازار نزد MCB	۱۰	فون: 0244-4362145
۞......**سکھر:** فیضان مدینہ بیراج روڈ	۱۱	فون: 071-5619195
۞......**گوجرانوالہ:** فیضان مدینہ شیخوپورہ موڑ گوجرانوالہ	۱۲	فون: 055-4225653
۞......**پشاور:** فیضان مدینہ گلبرگ نمبر ا النور سٹریٹ صدر	۱۳	

﴿...فہرس...﴾ (حصہ اوّل)

صفحہ	عنوان	اسباق
1	نیّتیں	===
3	تعارف مصنّف	===
4	تعارف المدینۃ العلمیۃ	===
6	پیش لفظ	===
15	بعض نحوی اصطلاحات کی تشریح	سبق:1
18	(مرفوعات) مبتدأ وخبر کی ترکیب	سبق:2
20	مبتدأ بَہ اِسمِ اِشارہ	سبق:3
22	مبتدأ بَہ ترکیبِ اِشارہ ومشارٌالیہ	سبق:4
24	مبتدأ بَہ ترکیبِ اِضافِی	سبق:5
26	خبر بَہ ترکیبِ اِضافِی	سبق:6
28	مبتدأ بَہ ترکیبِ وَصفِی	سبق:7
30	خبر بَہ ترکیبِ وَصفِی	سبق:8
31	مبتدأ بَہ ضمائر	سبق:9
33	جملۂ فعلیہ	سبق:10
34	فاعل بَہ ترکیب وصفی	سبق:11
35	فاعل بَہ ترکیب اِضافی	سبق:12
36	فاعل بَترکیب اِشارہ ومشارالیہ	سبق:13
37	خبر بَہ ترکیب فعل وفاعل	سبق:14
38	جملہ اسمیہ استِفھامیہ	سبق:15
39	فعل مجھول	سبق:16

www.dawateislami.net

//	نائبِ فاعل بَہ ترکیبِ وصفی، اِضافی اور اِشاری	
سبق:17	منصوبات	41
سبق:18	مفعول بِہ بَہ ترکیبِ وصفی، اِشاری و اِضافی	43
سبق:19	مفعول بِہ بَہ ضمیر	45
سبق:20	مفعول فیہ	47
سبق:21	مفعولِ مطلق و مفعولِ لہ	49
سبق:22	مفعول بَہ اَسمائے استفہام	51
سبق:23	حال، ذوالحال	53
سبق:24	تمییز	55
سبق:25	منادٰی	57
سبق:26	حروف مشبہ بَہ فعل	59
سبق:27	افعال ناقصہ	61
سبق:28	مجرورات	63
سبق:29	حروفِ عاطفہ	68
سبق:30	کلماتِ شرط وظرف	70
//	اَلْحَدِیْثُ النُّوْرِيُّ	73
//	قاموس بعض الکلمات العربیۃ	76

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" کے ۱۹ حُروف کی نسبت سے اس کتاب کو پڑھنے کی ۱۹ "نیتیں"

فرمانِ مصطفی صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلّم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔

(المعجم الکبیر للطّبراني، الحدیث: ۵۹۴۲، ۶/۱۸۵)

دو مَدَنی پھول:

{۱} بغیر اچّھی نیت کے کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔

{۲} جتنی اچّھی نیّتیں زیادہ، اُتنا ثواب بھی زیادہ۔

{۱} ہر بار حمد و{۲} صلوٰۃ اور{۳} تعوُّذ و{۴} تَسمِیہ سے آغاز کروں گا۔(اسی صفحہ پر اُوپر دی ہوئی دو عَرَبی عبارات پڑھ لینے سے چاروں نیّتوں پر عمل ہو جائے گا)۔{۵} رِضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لئے اس کتاب کا اوّل تا آخِر مطالَعہ کروں گا۔{۶} حتی الوُسع اس کا باوُضُو اور{۷} قِبلہ رُو مطالعہ کروں گا{۸} کتاب کو پڑھ کر کلام اللہ وکلام رسول اللہ عزوجل وصلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو صحیح معنوں میں سمجھ کر اوامر کا امتثال اور نواہی سے اجتناب کروں گا{۹} درجہ میں اس کتاب پر استاد کی بیان کردہ توضیح توجہ سے سنوں گا{۱۰} استاد کی توضیح کو لکھ کر "اِسْتَعِنْ

www.dawateislami.net

بِیَمِیْنِکَ عَلَی حِفْظِکَ"[۱] پر عمل کروں گا{۱۱}طلبہ کے ساتھ مل کر اس کتاب کے اسباق کی تکرار کروں گا{۱۲}اگر کسی طالب علم نے کوئی نامناسب سوال کیاتو اس پر ہنس کر اس کی دل آزاری کا سبب نہیں بنوں گا{۱۳}درجہ میں کتاب، استاد اور درس کی تعظیم کی خاطر غسل کرکے، صاف مدنی لباس میں، خوشبو لگاکر حاضری دوں گا{۱۴}اگر کسی طالب علم کو عبارت یا مسئلہ سمجھنے میں دشواری ہوئی تو حتی الامکان سمجھانے کی کوشش کروں گا{۱۵}سبق سمجھ میں آجانے کی صورت میں حمد الٰہی عزوجل بجالاؤں گا{۱۶}اور سمجھ میں نہ آنے کی صورت میں دعاء کروں گااور باربار سمجھنے کی کوشش کروں گا{۱۷}سبق سمجھ میں نہ آنے کی صورت میں استاد پر بدگمانی کے بجائے اسے اپنا قصور تصور کروں گا۔{۱۸}کتابت وغیرہ میں شَرعی غلَطی ملی تو ناشرین کو تحریری طور پَر مُطَّلع کروں گا (مصنّف یاناشرین وغیرہ کو کتابوں کی اَغلاط صِرف زبانی بتاناخاص مفید نہیں ہوتا) {۱۹}کتاب کی تعظیم کرتے ہوئے اس پر کوئی چیز قلم وغیرہ نہیں رکھوں گا۔اس پر ٹیک نہیں لگاؤں گا۔

☆...☆...☆...☆

---

(۱) یعنی اپنے سیدھے ہاتھ سے لکھ لیا کرو تاکہ یاد کرنے میں تمہارا مددگار ہو۔الحدیث (المعجم الاوسط، الحدیث: ۸۰۱، ۱/۲۳۴)

www.dawateislami.net

تعارفِ مصنِّف (۱)

خلیفہ مفتیِ اعظم ہند، عمدۃ المحققین حضرت مولانا بدر الدین احمد رضوی مصباحی گورکھپوری رحمہ اللہ القوی

آپ اپنے نانیہال موضع حمید پور ضلع گورکھ پور (یوپی ہند) میں ایک اندازہ کے مطابق ۱۳۴۸ھ/۱۹۲۹ء میں پیدا ہوئے۔ آپ نے مقامی درس گاہ شاہ پور سے تعلیمی سفر شروع کیا اور مدرسہ انوار العلوم قصبہ جین پور ضلع اعظم گڑھ ہوتے ہوئے دار العلوم اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ میں داخلہ لیا اور چار سال بڑی محنت سے اکتسابِ علم کیا۔ ۱۰ شعبان ۱۳۷۱ھ مطابق ۱۵ مئی ۱۹۵۲ء کو سند و دستارِ فضیلت سے نوازا گیا۔ رمضان شریف کی تعطیلِ کلاں کے بعد حضور حافظ ملت حضرت علامہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کے حکم کے مطابق شوّال ۱۳۷۱ھ میں جامعہ اشرفیہ بغرضِ تربیت تدریس کے لیے تشریف لائے۔ اور طلبہ کو رجب ۱۳۷۲ھ کو انجمن معین الاسلام پرانی بستی، شہر بستی میں درس نظامی کی تدریس کے لیے تشریف لے گئے۔ اس کے بعد آپ نے مدرسہ فیض الرسول براؤں شریف ضلع بستی اور مدرسہ غوثیہ بڑھیا ضلع بستی میں تدریسی خدمات انجام دیں۔ آپ مفتی اعظم ہند مولانا مصطفٰی رضا خان نوری رحمہ اللہ القوی کے مرید و خلیفہ ہیں۔ درس و تدریس کے ساتھ تصنیف و تالیف میں بھی آپ کو دست رس حاصل تھی۔ ڈیڑھ درجن کتابوں کے آپ مصنف ہیں، بعض کتابیں تو سدا بہار تصنیف کا درجہ رکھتی ہیں۔ اور بعض کتابیں ماخذ کی حیثیت سے استعمال کی جاتی ہیں۔ بعض کتابوں کے نام یہ ہیں۔

(۱) سوانح اعلیٰ حضرت (۲) عروس الادب (۳) **فیض الادب** (حصہ اول دوم) (۴) جواہر المنطق (۵) نورانی گل دستہ (۶) تذکرہ سرکارِ غوث (۷) تذکرہ سرکار خواجہ (۸) تعمیر ادب (قاعدہ) (۹) تعمیر ادب (حصہ اول تا پنجم) (۱۰) تعمیر قواعد (اول دوم)

آپ کا وصال سات رمضان کو ہوا۔ (سنِ وفات نہیں مل سکا) (مزید دیکھئے کتاب ''مفتیِ اعظم ہند اور ان کے خلفاء'' ص ۲۳۵)

---

(۱) کتاب کے آخر میں دیکھئے تعارفِ مصنّف بقلمِ خود۔

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

المدینۃ العلمیۃ

از: بانیِ دعوتِ اسلامی، عاشقِ اعلیٰ حضرت، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، حضرت علّامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطارؔ قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ

الحمد للہ علی اِحْسَانِہٖ وَ بِفَضْلِ رَسُوْلِہٖ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم! تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اِشاعتِ علمِ شریعت کو دنیا بھر میں عام کرنے کا عزمِ مُصمّم رکھتی ہے، اِن تمام اُمور کو بحسن وخوبی سر انجام دینے کے لیے متعدِّد مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں سے ایک مجلس ''المدینۃ العلمیۃ'' بھی ہے جو دعوتِ اسلامی کے عُلماء و مُفتیانِ کرام کَثَّرَھُمُ اللہُ السلامُ پر مشتمل ہے، جس نے خالص علمی، تحقیقی اوراشاعتی کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔

اس کے مندرجہ ذیل چھ شعبے ہیں:

(۱) شعبۂ کُتُبِ اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (۲) شعبۂ درسی کُتُب

(۳) شعبۂ اِصلاحی کُتُب (٤) شعبۂ تفتیشِ کُتُب

(۵) شعبۂ تراجمِ کُتُب (٦) شعبۂ تخریج

''المدینۃ العلمیہ'' کی اوّلین ترجیح سرکارِ اعلیٰحضرت، اِمامِ اَہلسنّت، عظیم البرکت،

www.dawateislami.net

عظیم المرتبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجَدِّدِ دین و مِلَّت، حامیِ سنّت، ماحیِ بِدعت، عالِمِ شَرِیعَت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیْر وبَرَکت، حضرتِ علاّمہ مولٰینا الحاج الحافظ القاری الشّاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کی گِراں مایہ تصانیف کو عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق حتَّی الْوَسع سَہل اُسلوب میں پیش کرنا ہے۔ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اِس عِلمی، تحقیقی اور اِشاعتی مدنی کام میں ہر ممکن تعاون فرمائیں اور مجلس کی طرف سے شائع ہونے والی کُتُب کا خود بھی مطالَعہ فرمائیں اور دوسروں کو بھی اِس کی ترغیب دلائیں۔

اللہ عزوجل ''دعوتِ اسلامی'' کی تمام مجالس بَشُمول مجلس ''المدینۃ العلمیۃ'' کو دن گیارہویں اور رات بارہویں ترقّی عطا فرمائے اور ہمارے ہر عملِ خیر کو زیورِ اِخلاص سے آراستہ فرما کر دونوں جہاں کی بھلائی کا سبب بنائے۔ ہمیں زیرِ گنبدِ خضراء شہادت، جنّت البقیع میں مدفن اور جنّت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم.

رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

www.dawateislami.net

...پیش لفظ... (اَز علمیه)

ہر زبان میں قواعدِ اَدَب کو بہت اہمیت حاصل ہوتی ہے اور اِن قواعد کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے استفادہ وافادہ آسان ومؤثر ہوتا ہے اور انکو نظر انداز کرنے سے افہام و تفہیم کا عمل کماحقہ تکمیل نہیں پاتا. بلکہ بعض اوقات ان قواعد کی عدمِ رعایت سنگین غلطی کا باعث ہو جاتی ہے چنانچہ چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں:

(1) ... حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کے دور میں ایک مرتبہ کسی اَعرابی نے کچھ لوگوں سے کہا: ''مجھے قرآن میں سے کچھ پڑھاؤ'' تو ایک شخص نے اسے سورتِ براءت کی آیت نمبر 3 اس طرح پڑھائی: ﴿أَنَّ اللہَ بَرِیْءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ وَرَسُولِهِ﴾ (یعنی لفظ رسول کے کسرہ کے ساتھ) اس پر اعرابی نے کہا: ''کیا اللہ بھی اپنے رسول سے بری ہے؟'' اگر اسی طرح ہے تو میں بھی رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے بری ہوں۔جب یہ بات حضرت عمر فاروق اعظم محب رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ورضی اللہ تعالی عنہ تک پہنچی تو آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے فوراً اس اَعرابی کو بلا بھیجا اور فرمایا: ''اے اعرابی! کیا تو نے اِس اِس طرح کہا ہے؟'' تو اس نے جواب دیا: ''اے امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ! میں اَنجانے میں مشرکین کے پاس چلا گیا تھا اور میں نے ان سے پوچھا کہ مجھے کون قرآن پڑھائے گا تو ان میں سے ایک شخص اُٹھ کھڑا ہوا اور مجھے سورت براءت یوں پڑھائی: ﴿أَنَّ اللہَ بَرِیْءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ وَرَسُولِهِ﴾

(یعنی لفظ رسول کے کسرہ کے ساتھ) تو اس پر میں نے اِس اِس طرح جواب دیا۔ یہ تمام واقعہ سننے کے بعد امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ نے اعرابی سے فرمایا: ''یہ آیت اِس طرح نہیں ہے'' اعرابی نے عرض کی: ''پھر کس طرح ہے؟'' تو آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: ''یوں ہے: ﴿أَنَّ اللّٰهَ بَرِیۡٓءٌ مِّنَ الْمُشۡرِكِينَ وَرَسُوۡلُهٗ﴾'' (یعنی لفظ رسول پر ضمہ کے ساتھ) یہ سن کر اس اعرابی نے کہا: ''بخدا! میں بھی اُس سے بری ہوں جس سے اللہ اور اس کا رسول (عزوجل وصلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم) بری ہیں.'' پھر آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے حکم صادر فرمادیا کہ قرآن پاک کو عالمِ لغت کے علاوہ کوئی اور نہ پڑھائے۔ **(سبب وضع علم العربیۃ، الجزء الاول، ص١٣٠)**

(2) ... امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کے دَور ہی کا دوسرا واقعہ ہے کہ آپ رضی اللہ تعالی عنہ ایک قوم کے پاس سے گذرے، وہ لوگ تیر اندازی کر رہے تھے اور نشانہ بازی میں بہت خطائیں کررہے تھے یہ دیکھ کر آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: «بِئْسَ مَا رَمَيْتُم» یعنی تم لوگ بہت بری تیر اندازی کررہے ہو۔ یہ سن کر انھوں نے کہا: «إِنَّا قَوْمٌ مُتَعَلِّمِينَ» کہ ہم ابھی سیکھ رہے ہیں (یعنی متعلِّمُوْنَ کی جگہ متعلِّمِینَ کہا) یہ سن کر آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: «وَاللهِ لَخَطَؤُكُمْ فِي لِسانِكُم أَشَدُّ عَلَيَّ مِن خَطَئِكُمْ فِي رَمْيِكُمْ» یعنی خدا کی قسم! تمہارے کلام کی خطا مجھ پر تمہاری تیر اندازی کی خطا سے بھی شدید تر ہے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

www.dawateislami.net

وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ : «رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً أَصْلَحَ مِن لِّسَانِه» یعنی اللہ عزوجل اس شخص پر رحم فرمائے جس نے اپنی زبان کی اصلاح کی۔

(میزان الاعتدال للذهبی، الجزء الثالث، ص۳۰۹)

(3) . . . آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور کا ہی ایک اور واقعہ ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جو کہ عامل مقرر تھے) کے کاتب نے امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے مکتوب لکھا جس کی ابتداء میں لکھا: «مِن أبو موسیٰ» یعنی ابو موسیٰ اشعری (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی طرف سے۔(یعنی «أَبِی» کی جگہ «أَبُو» لکھا) اس پر امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جوابی مکتوب میں فرمایا: «سلامٌ علیک، أما بعدُ! فاضْرِبْ کاتِبَکَ سَوْطاً واحداً وأَخِّرْ عَطَاءَه سَنَةً» یعنی اپنے کاتب کو ایک کوڑا رسید کرو اور ایک سال تک اسکو پیش کش کرنا (یعنی انعام دینا) مؤخر کردو۔

(المزهر فی علوم اللغة للسیوطی، الجزء الثانی، ص۳٤۱)

الغرض اس قسم کی اور بہت سی اغلاط واقع ہو سکتی ہیں جس کا سبب عموماً علمِ ادب سے ناواقفیت ہوا کرتی ہے۔ حضرت امام مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: «لاَ یَحِلُّ لِأَحَدٍ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیومِ الآخِرِ أَنْ یتکلّمَ فِی کِتابِ اللّٰهِ إذا لَمْ یَکُنْ عالِماً بِلُغاتِ العَرَبِ». یعنی جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے جائز نہیں کہ وہ کتاب اللہ کے بارے میں کلام کرے جب تک کہ

www.dawateislami.net

عرب کی لغت پر عبور حاصل نہ کرلے۔ (**الإتقان للسیوطی ج۲، ص۵۵۵**)

نیز علامہ شامی مخصوص عرب شعراء کے اشعار کے بارے میں فرماتے ہیں :

«**مَعْرِفَةُ شِعْرِهِم رِوايَةً ودِرايَةً عندَ فُقَهاءِ الإسلامِ فَرضُ كِفايةٍ ---إلخ**.

(**رد المحتار، ج۱، ص۱۱۵**)

"شعراءِ عرب کے اشعار کو روایۃً اور درایۃً جاننا فقہاءِ اسلام کے نزدیک فرض کفایہ ہے"۔

لہٰذا یہ بات واضح ہو گئی کہ قرآن و حدیث کو صحیح طور پر سمجھنے کے لیے علومِ ادب عربی میں مہارت کا ہونا بہت ضروری ہے۔ ادب کی اسی اہمیت کے پیشِ نظر دعوتِ اسلامی کی مجلس **المدینة العلمیة** نے **فیض الادب** حصہ اول ودوم مُصَنِّف حضرت علامہ مولانا بدرالدین احمد قادری رضوی کو شائع کرنی کی ایک ادنی سی کوشش کی ہے، یہ کتاب **جامعة المدینه للبَنات** کے نصاب میں داخل ہے۔اس سے پہلے یہ کتاب ہند سے طبع ہوئی تھی لیکن اسکی کتابت کا انداز پرانا تھا اور کہیں کہیں الفاظ بھی مٹے ہوئے تھے اور عبارات پر اعراب کا التزام نہ تھا۔علمیہ نے یہ تمام مسائل حل کرکے شائع کرنے کی کوشش کی ہے اللہ کریم غلطیوں سے درگزر فرما کر قبولِ عام بنائے۔آمین بجاہِ النبی الکریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم۔

www.dawateislami.net

المدینۃ العلمیۃ کا اس کتاب پر کام

★ ... **کتابت کی اغلاط** کو دور کر دیا ہے۔

★ ... **مشکل اَلفاظ کے مَعانِی** ہر صفحے کے نیچے حاشیے میں درج کر دیئے ہیں۔ یہ معانی انکے علاوہ ہیں جو مصنف نے خود کتاب کے آخر میں فہرست کی صورت میں درج کئے تھے۔ چونکہ اس میں بہت سے الفاظ کے معانی موجود نہ تھے لہٰذا ہم نے ضرورت محسوس کرتے ہوئے ہر صفحے کے نیچے بھی معانی کا التزام کیا ہے۔

★ ... عربی عبارات پر **اِعراب** کا التزام کیا ہے۔

★ ... جو الفاظ متروک الاستعمال تھے ان کی جگہ **رائجُ الوقت اَلفاظ** ڈال دیئے ہیں۔ تفصیل یہ ہے :

★ ... [**ترجمہ کرو، عربی بناؤ**] وغیرہ الفاظ کی جگہ [ترجمہ کریں، عربی بنائیں]۔

★ ... [**الأُرْدُوِيَّة**] کی جگہ اکثر رائج الوقت لفظ [**الأُرْدِيَّة**]۔

★ ... [**مشق**] کے نام سے جگہ جگہ **عنوانات** ڈال کر مشقوں کو ظاہر وواضح کیا ہے۔

★ ... کتاب کی **اَسباق میں تقسیم** کر دی ہے تا کہ پڑھنے اور پڑھانے میں سہولت ہو۔

★ ... **آیات کا حوالہ** اور **احادیث کی تخریج** بھی کی گئی ہے۔

www.dawateislami.net

★... مصنف اور علمیہ کے حاشیہ میں فرق کے لئے اول پر (۱) اور ثانی پر ❶ کے طرز کے نمبر لگائے گئے ہیں۔ لیکن کہیں کہیں اسکا التزام نہیں۔ یعنی علمیہ کے حاشیہ پر بھی (۱) نمبر لگایا گیا ہے۔

★... کتاب میں جہاں جہاں مشقوں وغیرہ کے بعد کچھ جگہ باقی بچ گئی تھی وہاں **چوکور ٹیبل** بنا کر مختلف قسم کے علمی وادبی مدنی پھول ڈال دیئے ہیں اور کہیں کہیں مزاحیہ لطیفے بھی ڈالے گئے ہیں تاکہ اِن کو پڑھ کر ذہن تروتازہ ہو اور کتاب سمجھنے کے لئے زیادہ سے زیادہ موزوں ہو۔ نیز یہ نفسِ کتاب کا حصہ نہیں۔

کسی بھی کتاب میں انتہائی مشکل مقام کو حل کرنے کا عمل

وَاسْتَفْرِغِ الدَّمْعَ مِنْ عَيْنٍ قَدِ امْتَلأَتْ

مِنَ الْمَحَارِمِ وَالْزَمْ حِمْيَةَ النَّدَمِ

ترجمہ: [اور آنسوؤں کو بہا اس آنکھ سے جو بدنگاہی سے پُر ہو چکی ہے، اور شرمندہ ہو کر (برے افعال سے) پرہیز کو لازم پکڑ]

اگر دورانِ مطالعہ کوئی ایسا مقام آجائے جو انتہائی مشکل ہو اور باوجود کوشش کے کسی طرح حل نہ ہو تو یہ شعر ۱۱۹ مرتبہ پڑھیں پھر مطالعہ کریں.

إن شاء الله عزّوجلّ وہ مقام حل ہو جائے گا۔

("عَصِيدةُ الشُّهْدةِ شرح قصيدة البُردةِ"، صـ۵۳)

www.dawateislami.net

بسم الله الرحمن الرحیم

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

إهداء[1] الكتاب

إنا رأينا الطلبة من أهل السنة مفتقرين إلى كتاب يشتمل على المسائل الإبتدائية للنحو والأدب العربي فرتّبناه وسمّيناه بفيض الأدب لأنّ الطلبة بدار العلوم فيض الرسول الواقعة ببراؤن الشريفة كالعلة الغائية له وقدمناكتابنا هذا إلى مؤسس دار العلوم المذكورة مولانا الشاه محمد يار على القادرى الجشتى.

من المقبلين عتبته العالية

بدر الدين أحمد القادرى الرضوى البريلوى

١٦ ربيع الأوّل ١٣٧٦هـ

(١) تعظیم کے لئے تحفہ بھیجنا

www.dawateislami.net

تقریظِ جلیل (حافظِ ملّت)

استاذ العلماء، حضرت مولانا عبد العزیز صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ

شیخ الحدیث دار العلوم اشرفیہ، مبارکپور اعظم گڑھ، یوپی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

کتاب **فیض الأدب حصه اوّل** مولانا بدر الدین احمد سلّمہ ربُّہ کی پہلی تصنیف ہے، مبتدی طلبہ کے لئے بہت ہی مفید اور طلبہ کی ادبی استعداد میں معین ہے، اس کا پڑھنے والا اردو سے عربی اور عربی سے اردو ترجمہ پر جلد قابو پا سکتا ہے۔ دعا ہے کہ خداوند کریم اس کو شرف قبول بخشے اور حضرت مصنف سلّمہ ربُّہ کو تصنیف وتالیف کی مزید توفیق عطا فرمائے۔

اٰمین بجاہ حبیبہ سید المرسلین علیہ وعلی اٰلہ وأصحابہ أفضل الصلاۃ والتسلیم.

عبد العزیز عفی عنہ

۲۳ ربیع الآخر ۱۳۷۲ھ

www.dawateislami.net

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله أحسن الخالقين الذى فضّل رسولَنَا مُحَمّدًا صلى الله تعالى عليه وسلم على جميع العالمين والصلاة والسلام على خاتم الأنبياءِ والمرسلين وعليهم وعلى اٰلهٖ وصحبهٖ وأزواجهٖ أمهات المؤمنين وابنه الغوث الأعظم الجيلانى أجمعين.

www.dawateislami.net

سبق:1

بعض نحوی اصطلاحات کی تشریح

مُسند الیہ: وہ چیز ہے جس کے لیے کوئی دوسری چیز ثابت کی جائے۔

مُسنَد: وہ چیز ہے جو دوسرے کے لیے ثابت ہو جیسے (زید ہوشیار ہے). اس مثال میں ''زید'' مسند الیہ اور ''ہوشیار'' مسند ہے اور جیسے ''پڑھا بکر نے'' اس مثال میں ''پڑھا'' مسند اور ''بکر'' مسند الیہ ہے اور جیسے ''دیکھا گیا چاند''، اس مثال میں ''دیکھا گیا'' مسند اور ''چاند'' مسند الیہ ہے۔

جُمْلَہ: مسند الیہ اور مسند کے مجموعہ کو کہتے ہیں جیسے (زید ہوشیار ہے، پڑھا بکر نے، دیکھا گیا چاند)۔

مُبتدا: وہ اسم ہے جو لفظی عامل سے خالی اور مسند الیہ ہو۔

خبر: وہ لفظ جو لفظی عامل سے خالی اور مسند ہو جیسے ''زید نمازی ہے'' اس مثال میں ''زید'' مبتدا اور نمازی خبر ہے۔

رفع: ضمہ، الف اور واو کو کہتے ہیں۔

مرفوع: وہ اسم ہے جس پر ضمہ یا الف یا واو آئے جیسے اَلْمُسْلِمُ، اَلْمُسْلِمَانِ، اَلْمُسْلِمُوْنَ، أَبُوْزَيْدٍ میں أَبُوْ.

www.dawateislami.net

تنبیه: مرفوع کہلانے والے اسم تو آٹھ ہیں لیکن اس کتاب میں ان میں سے صرف چھ اسم کا استعمال کیا گیا ہے اور وہ یہ ہیں مبتدا، خبر، فاعل، نائب فاعل، إِنَّ وغیرہ کی خبر، کَانَ وغیرہ کا اسم۔

نصب: فتحہ، کسرہ، الف اور یاء کو کہتے ہیں۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یاء آئے جیسے اَلْمُسْلِمَ، اَلْمُسْلِمَاتِ، أَبَا زَیْدٍ میں أَبَا. اَلْمُسْلِمَیْنِ، اَلْمُسْلِمِیْنَ.

اسم منصوب کی تعداد بارہ ہے مگر اس کتاب میں ان میں سے صرف آٹھ اسم استعمال کیے گئے ہیں اور وہ یہ ہیں مفعول بہ، مفعول فیہ، مفعول مطلق، مفعول لہ، حال تمیز، إِنَّ وغیرہ کا اسم، کَانَ وغیرہ کی خبر۔

جَر: کسرہ، فتحہ اور یاء کو کہتے ہیں۔

مجرور: وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو جیسے عَلَى الْمُسْلِمِ، عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ، عَلٰى أَبِيْ زَيْدٍ، عَلَى الْمُسْلِمَيْنِ، عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اور جیسے وَلَدُ الْمُسْلِمِ، وَلَدُ إِبْرَاهِيْمَ، وَلَدُ أَبِيْ زَيْدٍ، غُلَامُ الْمُسْلِمَيْنِ، إِمَامُ الْمُسْلِمِيْنَ.

جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جزء اسم ہو جیسے زَيْدٌ عَالِمٌ.

www.dawateislami.net

جملہ فعلیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جُز فعل ہو جیسے عَلِمَ زَیْدٌ .

ھـــدایت: جملہ اسمیہ کے اندر جو لفظ مسند الیہ ہو اسے مبتدا اور جو مسند ہو گا اسے خبر کہیں گے اور جملہ فعلیہ کے اندر مسند الیہ کو فاعل یا نائب فاعل اور مسند کو فعل کہیں گے۔

مشق

مندرجہ ذیل جملوں میں مسند الیہ اور مسند کو پہچان کر مبتدا، خبر، فعل، فاعل اور نائب فاعل بتاؤ.

✪ اللہ یکتا ہے ✪ رسول مہربان ہیں ✪ قرآن سچا ہے ✪ پڑھی گئی کتاب ✪ دیوار لمبی ہے ✪ سڑک پختہ ہے ✪ پڑھا میں نے ✪ گھڑی قیمتی ہے ✪ جارہا ہے خالد ✪ لکھا گیا خط ✪ میں مدرسہ میں حاضر ہوں ✪ لکھا بکر نے ✪ پانی گرم ہے ✪ لکھ رہا ہے زید قلم سے ✪ بکر مسجد میں موجود ہے ✪ زید کو پڑھایا احمد نے ✪ کل جائے گا بکر کانپور ✪ پرسوں جمعہ کے دن میں بمبئی سے آیا۔

www.dawateislami.net

سبق:2

مرفوعات

مبتدأوخبرکی ترکیب

★اَللّٰہُ ★اَلرَّسُوْلُ ★اَلْقُرْاٰنُ ★رَبٌّ ★مَعْبُوْدٌ ★کِتَابٌ ★مُؤْمِنٌ
★رَؤُوْفٌ ★کَرِیْمٌ ★اَلرَّجُلُ ★صَادِقٌ

★اَللّٰہُ رَبٌّ(۱) ★اَلرَّبُّ مَعْبُوْدٌ ★اَلرَّسُوْلُ رَؤُوْفٌ ★اَلْقُرْاٰنُ کِتَابٌ ★اَلْکِتَابُ صَادِقٌ ★اَلرَّجُلُ مُؤْمِنٌ ★اَلْمُؤْمِنُ کَرِیْمٌ ★اَلْمِسْوَاکُ قَصِیْرٌ❶.

★اَلدِّیْنُ ★اَلْاِسْلَامُ ★اَلْکُفْرُ ★اَلْجَنَّۃُ ★اَلنَّارُ ★اَلْکَلَامُ ★خَالِقٌ
★حَقٌّ ★بَاطِلٌ ★یُسْرٌ ★صَوَابٌ ★أَحَدٌ

★اَللّٰہُ أَحَدٌ ★اَللّٰہُ خَالِقٌ ★اَلدِّیْنُ یُسْرٌ❷ ★اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ ★اَلْجَنَّۃُ حَقٌّ ★اَلنَّارُ حَقٌّ ★اَلْکُفْرُ بَاطِلٌ ★اَلْکَلَامُ صَوَابٌ❸.

---

(۱) (ترجمہ کے ساتھ جملوں کی ترکیب کرانالازمِ درس قرار دیا جائے)

❶ چھوٹی ❷ آسان ❸ درست

www.dawateislami.net

★اَلْمَاءُ ★اَلْقَعَّادَةُ ★اَلْخُبْزُ ★اَلْمِنْشَفُ ★اَلشَّمْسِيَّةُ ★بَائِتٌ ★حَمِيْمٌ ★اَلْأَرُزُّ ★حَسَنٌ ★اَلشَّيْءُ ★طَرِيٌّ ★جَيِّدَةٌ ★جَدِيْدٌ ★طَوِيْلٌ ★اَلْحَصِيْرُ ★بَارِدٌ ★رَدِيٌّ ★مُعَبَّدٌ.

★اَلْمَاءُ بَارِدٌ ★اَلْمِنْشَفُ ❶ طَوِيْلٌ ★اَلْخُبْزُ طَرِيٌّ ❷ ★اَلشَّيْءُ حَسَنٌ ★اَلشَّمْسِيَّةُ ❸ جَيِّدَةٌ ★اَلْأَرُزُّ (۱) جَدِيْدٌ ★اَلْقَعَّادَةُ ❹ حَسَنَةٌ ★اَلْخُبْزُ بَائِتٌ ❺ ★اَلْمَاءُ حَمِيْمٌ ❻ ★اَلْحَصِيْرُ ❼ مَبْسُوْطٌ ★اَلْمِنْشَفُ جَدِيْدٌ ★اَلْقَعَّادَةُ مَوْضُوْعَةٌ ★اَلْخُبْزُ رَدِيٌّ ★اَلشَّارِعُ مُعَبَّدٌ ❽.

مشق

عربی (۲) میں ترجمہ کریں

✪ اللہ معبود ہے ✪ قرآن سچا ہے ✪ چاول تازہ ہے ✪ روٹی ٹھنڈی ہے ✪ تولیہ بچھا ہے ✪ چارپائی نئی ہے ✪ مسواک نئی ہے ✪ چٹائی چھوٹی ہے ✪ چھتری خراب ہے ✪ پانی باسی ہے ✪ کلام اچھا ہے ✪ مرد شریف ہے۔

---

(۱) بفتح الألف وضم الراء المهملة.۱۲ (۲) **التماس:** مدرسین کو چاہیے کہ طلبہ کو معرفہ، نکرہ کی پہچان کرائیں، پھر بتائیں کہ مبتدا کو معرفہ اور خبر کو نکرہ استعمال کیا جاتا ہے۔

❶ تولیہ، رومال ❷ تازہ ❸ چھتری ❹ چارپائی
❺ باسی ❻ گرم ❼ چٹائی ❽ پختہ

www.dawateislami.net

سبق:3

مبتدأبہ اِسمِ اِشارہ

اسمِ اِشارہ: وہ لفظ ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے، جیسے اردو میں ''یہ'' عربی میں ''ھذا''۔

مشارٌ الیہ: وہ چیز ہے جس پر اشارہ کیا جائے جیسے ھٰذَا الْقُرْاٰنُ، اس مثال میں ''اَلْقُرْاٰنُ'' مشار الیہ ہے۔

*ھذا *ھٰذانِ *ھٰؤُلَآءِ *ھٰذِہٖ *ھَاتَانِ *قَاطِرَۃٌ *بَقَرَۃٌ *اِمْرَأَۃٌ *نِسَاءٌ

*ھٰذا عَالِمٌ *ھٰذہ قَاطِرَۃٌ[1] *ھَاتَانِ بَقَرَتَانِ *ھٰؤُلَآءِ مُسْلِمُوْنَ *ھٰؤُلَآءِ مُؤْمِنَاتٌ *ھٰذا مُؤْمِنٌ *ھٰذِہٖ مُؤْمِنَۃٌ *ھَاتَانِ مُسْلِمَتَانِ *ھٰذَانِ رَجُلَانِ *اَلْقَلَمَانِ جَدِیْدَانِ *اَلنِّسَاءُ حَاضِرَاتٌ *اَلْمَرْأَۃُ عَالِمَۃٌ.

---

[1] انجن

www.dawateislami.net

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪ یہ چٹائی ہے ✪ یہ دو چار پائی ہیں ✪ سڑک بہترین ہے ✪ یہ کئی عالم ہیں ✪ ریلوے انجن نیا ہے ✪ یہ علم والی ہے ✪ یہ دو مسواک ہیں ✪ یہ عورتیں ہیں ✪ یہ دو روٹیاں ہیں ✪ دو چٹائیاں لمبی ہیں۔

حكاية: حُكِيَ أنّ شَيخاً رَأى رَجُلاً يَحمِلُ امرأةً كبيرةً وهو يَطُوفُ بها فسَأَلَه له الشيخُ عنها فقال له هِيَ أُمِّيْ وأَنَا أَحمِلُها مدةَ سبعِ سِنِين فهل أَدَّيْتُ حقَّها يا سيِّدِي فقال له لا، وَلَوْ كان عُمرُكَ أَلْفَ سَنَةٍ لا يُساوِيْ ذلك قِيامَها لَكَ لَيلةً مِن اللَّيَالِي وسَقْيَها سَقيا مِن ثَدَيْهَا فبَكَى الرَّجُلُ وانْصَرفَ.

حكاية: حُكِي أن رجلا أَعطى وَلَدَه الإمامَ أبا حنيفةَ رَحِمَهُ اللّٰه تعالى لِيُعلِّم العِلمَ ففِي يوم من الإيام مَاتَ ميّتٌ فطَلبوُا الإمامَ لِيُصلِّيَ عليه فحَضرَ اجتماعَ الناسِ وكان يوما شديدَ الحَرِّ و لم يَجِدُوا ما يَستظِلُّون به من الشمس إلاّ مكانا واحداً فقالوا للإمام اجلِس أنت فيه فسَئَلَ عن صاحبِ ذلك المكانِ فأَخبَرُوه أنه لأَبِ الوَلَدِ الذي تُعَلِّمُه فامتَنع عن الجلُوسِ فيه وقال لَعلَّه يُظَنُّ فِيَّ أَنِّي أُعَلِّمُ وَلَدَه بذلك الاستِظلالِ. (رَحِمَه اللّٰہ تعالى). **(القليوبي)**

www.dawateislami.net

سبق:4

مبتدأبہ ترکیبِ اِشارہ ومشارٌالیہ

★ذٰلِكَ ★تِلْكَ ★أُولٰئِكَ ★ذَانِكَ ★تَانِكَ ★اَلْمُتَعَلِّمُوْنَ ★اَلْبَاخِرَةُ

★ذٰلِكَ الْكِتَابُ صَادِقٌ ★هٰذَا الْقَلَمُ نَفِيْسٌ ★هٰذِهِ الْمَرْأَةُ صَالِحَةٌ ★هٰؤُلَاءِ الْمُتَعَلِّمُوْنَ صَالِحُوْنَ ★هٰذَا الرَّجُلُ ضَاحِكٌ ★تِلْكَ الْبَاخِرَةُ❶ جَدِيْدَةٌ ★أُولٰئِكَ الْعُلَمَاءُ صَادِقُوْنَ ★تِلْكَ الْمَرْأَةُ جَمِيْلَةٌ ★تَانِكَ❷ الْقَعَّادَتَانِ طَوِيْلَتَانِ ★ذَانِكَ❸ الْحَصِيْرَانِ مَبْسُوْطَانِ ★هٰذَانِ الْمِسْوَاكَانِ جَدِيْدَانِ ★أُولٰئِكَ النِّسَاءُ مُسْلِمَاتٌ.

---

❶ سمندری جہاز　❷ وہ دو، مؤنّث کے لئے　❸ وہ دو، مذکر کے لئے

www.dawateislami.net

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪یہ طالب علم نیک ہے ✪یہ عورت مسلمان ہے ✪وہ مرد شریف ہے ✪یہ تولیہ نفیس ہے ✪وہ عورت حاضر ہے ✪یہ علماء مسلمان ہیں ✪وہ پانی ٹھنڈا ہے ✪یہ دو قلم نئے ہیں ✪وہ دو انجن بہترین ہیں ✪یہ چٹائی بچھی ہے ✪وہ دو تولیے لمبے ہیں ✪یہ دو روٹیاں ٹھنڈی ہیں ✪وہ دو طالب علم شریف ہیں۔

☆واعلم أن الليل والنهار أربع وعشرون ساعة، فلا يكن نومك بالليل والنهار أكثر من ثماني ساعات، فيكفيك إن عشت مثلا ستين سنة أن تضيع منها عشرين سنة وهو ثلث عمرك.

☆قالت أم الدرداء: (من وعظ أخاه سرا فقد زانه، ومن وعظه علانية فقد شانه).

☆ويروى أن الخليفة المأمون وعظه واعظ فأغلظ له في القول فقال: يا رجل ارفق فقد بعث الله من هو خير منك إلى من هو شر مني وأمره بالرفق. فقال تعالى: ﴿اذْهَبَا إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغٰى فَقُوْلاَ لَهُ قَوْلاً لَّيِّنًا لَعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشٰى﴾

☆وقد جاء في حِكَمِ لُقمانَ :قال يا بُنَيَّ كَذَبَ مَن قال إنّ الشرَّ بالشرّ يُطفَأُ، فإن كان صادقا فليُوقد نارَين ولينظر هل تُطفئ إحداهما الأُخرٰى، وإنما يُطفئُ الخيرُ الشرَّ كما يُطفِئُ الماءُ النارَ.

www.dawateislami.net

سبق:5

مبتدأ بہ ترکیبِ اِضافی

★اَلْعَبْدُ ★غُلَامٌ ★وَلَدٌ ★وَلِيْدَةٌ ★اَلْبَحْرُ ★طَاهِرٌ ★نَبِيْهٌ

★اَلدَّرَّاجَةُ ★اَلسِّرْوَالُ ★جَالِسٌ ★اَلسُّلْطَانُ ★نَافِعٌ ★اَلْاِبْنُ

★قَلَمُ الْحِبْرِ ★اَلْمِنْدِيْلُ ★اَلْوَسَخُ ★بَوَّابَةٌ ★اَلدَّقِيْقُ ★اَلشَّعِيْرُ

★اِبْنُ زَيْدٍ غُلَامٌ ★عَبْدُاللّٰهِ عَالِمٌ ★عَبْدُالرَّسُوْلِ نَبِيْهٌ❶

★مَاءُ الْبَحْرِ طَاهِرٌ ★دَرَّاجَةُ بَكْرٍ جَدِيْدَةٌ ★سِرْوَالُ❷

عَمْرٍو وَسِخٌ❸ ★عَبْدُالسُّلْطَانِ جَمِيْلٌ ★مِنْدِيْلُ❹ الْمَرْأَةِ نَفِيْسٌ

★مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلَاةُ ★مِفْتَاحُ الصَّلٰوةِ وُضُوْءٌ(١) ★رَسُوْلُ اللّٰهِ

رَؤُوْفٌ❺ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ★قَلَمُ الْحِبْرِ❻ جَدِيْدٌ ★بَوَّابَةُ❼

الْمَدْرَسَةِ مَفْتُوْحَةٌ ★دَقِيْقُ الشَّعِيْرِ نَافِعٌ ★وَلَدُ الْعَالِمِ جَالِسٌ

---

❶معزز ❷پاجامہ ❸میلی ❹رومال ❺نہایت مہربان ❻روشنائی والا پین، فونٹین پین

❼بڑا دروازہ، پھاٹک (١). (سنن الترمذی، کتاب الطہارۃ، باب ماجاء أن...، الحدیث: ۴، ۸۵/۱)

www.dawateislami.net

★وَلِيْدَةٌ❶ زَيْدٍ نَبِيْهَةٌ ★سَاعَةُ خَالِدٍ ثَمِيْنَةٌ❷ ★وَلَدُ بَكْرٍ صَبِيٌّ

★صِرَاطُ الدِّيْنِ قَوِيْمٌ.

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪زید کا غلام ہوشیار ہے ✪خالد کی سائیکل قیمتی ہے ✪ بکر کی گھڑی بہترین ہے ✪عورت کا پائجامہ پاک ہے ✪عبد الرسول خوبصورت ہے ✪فونٹین پین نفیس ہے ✪ جو کا آٹا نیا ہے ✪مسجد کا پھاٹک کھلا ہے ✪لڑکی کا رومال میلا ہے ✪سمندر کا پانی گرم ہے ✪بادشاہ کا لڑکا عالم ہے ✪عبد اللہ بیٹھا ہے ✪یہ چاول فائدہ مند ہے ✪وہ بچہ خوبصورت ہے ✪یہ کنجی نئی ہے۔

---

❶نابالغ لڑکی ❷مہنگی، قیمتی

www.dawateislami.net

سبق:6

خبر بہ ترکیبِ اِضافی

الشَّابُّ ★ اَللَّحْمُ ★ اَلْجَامُوْسُ ★ اَللَّبَنُ ★ اَلسَّاكِنُ ★ اَلْقَرْيَةُ

★ زَيْدٌ وَلَدُ خَالِدٍ ★ هٰذَا الشَّابُّ سَاكِنُ❶ الْقَرْيَةِ ★ ذٰلِكَ لَبَنُ الْبَقَرَةِ ★ تِلْكَ بِنْتُ زَيْدٍ ★ هٰذَا لَحْمُ الْجَامُوْسِ ★ هٰذِهِ الصَّبِيَّةُ بِنْتُ بَكْرٍ ★ عَمْرٌو صَاحِبُ الْمَالِ ★ وَلَدُ الْعَالِمِ سَمِيُّ زَيْدٍ ★ هٰذَا دَقِيْقُ الْحِنْطَةِ ★ اَلدَّرَّاجَةُ سَرِيْعَةُ السَّيْرِ ★ اَللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ★ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ★ اَلصَّلَاةُ عِمَادُ الدِّيْنِ(١) ★ هٰذَانِ وَلَدَا(٢) خَالِدٍ ★ تَانِكَ بِنْتَا زَيْدٍ ★ هٰؤُلَاءِ مُتَعَلِّمُوا الْمَدْرَسَةِ ★ أُولٰئِكَ الرِّجَالُ سَاكِنُو الْبَلْدَةِ ★ هَاتَانِ الْمَرْأَتَانِ طَلِيْقَتَا❷ الْوَجْهَيْنِ ★ اَلشَّاةُ غَيْرُ مَوْجُوْدَةٍ.

---

(١) (كنز العمال، كتاب الصلاة، الفصل الثانی، الحديث: ۴، ١٨٨٨٥/١١٥)، ❶ رہنے والا ❷ ہنس مکھ

(٢) (طلبہ کو آگاہ کیا جائے کہ تثنیہ اور جمع مذکر سالم کا نون بحالت اضافت گر جاتا ہے)

www.dawateislami.net

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✿وہ بھینس کا گوشت ہے ✿یہ بکری کا دودھ ہے ✿خالد بکر کا لڑکا ہے ✿گاؤں کا رہنے والا حاضر ہے ✿ بکر کا ہمنام مالدار ہے ✿یہ مرد تیز رفتار ہے ✿مسجد کا ستون لمبا ہے ✿ گیہوں کا آٹا خراب ہے ✿یہ لڑکی زید کی بیٹی ہے ✿یہ عبد الرسول ہے ✿یہ دو بکر کی سائیکلیں ہیں ✿یہ عورتیں ہنس مکھ ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ. (صحيح البخاري - ١ / ٢٤)

☆ يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ وَيَبْقَى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ الشَّعِيرِ أَوْ التَّمْرِ لَا يُبَالِيهِمُ اللَّهُ بَالَةً. (صحيح البخاري - ٢٠ / ٦٢)

☆ نِعْمَتَانِ مَغْبُونٌ فِيهِمَا كَثِيرٌ مِنْ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ.
(صحيح البخاري - ٢٠ / ٣٣)

☆ مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنْ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا وَلَغَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنْ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا. (صحيح البخاري - ٢٠ / ٣٧)

☆ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيلٍ. (صحيح البخاري - ٢٠ / ٣٨)

www.dawateislami.net

سبق:7

مبتدأ بہ ترکیبِ وَصفی

واضح ہو کہ موصوف اور صفت کے مجموعہ کو ترکیبِ وصفی کہتے ہیں، جیسے "اَلْقَلَمُ الْجَدِیْدُ" یعنی نیا قلم، اس مثال میں "اَلْقَلَمُ" موصوف اور "اَلْجَدِیْــــدُ" صفت ہے، موصوف اگر مرفوع ہو گا تو صفت کو بھی مرفوع لانا ہو گا، یونہی موصوف اگر منصوب یا مجرور ہو گا تو اس کی صفت کو منصوب یا مجرور استعمال کرنا ہو گا۔

★اَلسِّکِّیْنُ ★اَلسَّفِیْهُ ★اَلْحَدِیْدُ ★اَلسَّیَّارَةُ ★اَلطَّیَّارَةُ ★اَلنَّظِیْفُ

★ اَلْعَالِمُ السُّنِّیُّ نَبِیْهٌ ★اَلرَّجُلُ الْعَاقِلُ کَرِیْمٌ ★اَلْمَرْأَةُ الْمُسْلِمَةُ صَادِقَةٌ ★اَلطَّیَّارَةُ الْجَدِیْدَةُ نَفِیْسَةٌ❶ ★اَلْمَاءُ النَّظِیْفُ بَارِدٌ ★اَلسَّیَّارَةُ الْجَیِّدَةُ ثَمِیْنَةٌ❷ ★اَلرَّجُلُ الْجَاهِلُ سَفِیْهٌ ★زَیْد الْعَاقِلُ سُنِّیٌّ ★هٰذَا السِّکِّیْنُ حَدِیْدٌ ★خَالِدٌ طَلِیْقُ الْوَجْهِ.

---

❶ پسندیدہ وقیمتی ❷ قیمتی، مہنگی

www.dawateislami.net

مشق

عربی بنائیں

✪ تیز چھری قیمتی ہے ✪ ہوشیار عورت مسلمان ہے ✪ نیا موٹر تیز رفتار ہے ✪ گرم پانی ناپاک ہے ✪ لمبا تولیہ میلا ہے ✪ یہ دو موٹر نئے ہیں ✪ وہ ہوائی جہاز خراب ہے ✪ بیوقوف مرد مالدار ہے ✪ وہ اسٹیمر تیز رفتار ہے

✯ كان مَلِكٌ في الزمان الأوّل، وكان مثقلا كثير الشحم لا ينتفع بنفسه، فجمع المتطبِّبِينَ وقال: احتالوا إليّ بحيلة يخفّ عني لحمي هذا قليلا. فما قدروا له على شيء، فبعث له رجل عاقل أديب متطبّب فَارِهٌ، فبعث إليه وأشخصه فقال له: عالجني ولك الغنى.

قال: أصلح الله الملك، أنا متطبّب منجّم. دعني أنظر الليلة في طالعك: أيّ دواء يوافق طالعك فأسقيك. فغَدَا عليه، فقال: أيها المَلِكُ، الأمان؟ قال: لك الأمان. قال: رأيت طالعك يدلّ على أن الباقي من عمرك شهر، فان أحببتَ عالجتُك، وان أردتَ بيانَ ذلك، فاحبسنِي عندك، فإن كان لِقولي حقيقة فخلِّ عنّي، وإلاّ فاستقصِ منّي.

فحبسه، ثم رفع الملك الملاهي واحتجب عن الناس، وخلا وحده مهتمّا كلّما انسلخ يوم ازداد غمّا حتى هزل وخف لحمه، ومضى لذلك ثمانية وعشرون يوما، فبعث إليه وأخرجه. فقال: ما ترى؟

قال: أعز اللهُ المَلِكَ . أنا أهونُ على اللهِ عزوجلّ مِن أن أَعلَمَ الغيبَ، واللهِ ما أَعرف عمري ، فكيف أَعرف عمرَك ؟ إنما لم يكن عندي دواء إلا الغمّ ، فلم أقدر أن أجلب إليك الغمّ إلا بهذه العلّة.

فأَجازَه وأَحسَنَ إليه.

www.dawateislami.net

سبق:8

خبر بہ ترکیبِ وَصفِی

★صَدِيْقٌ ★طَيِّبٌ ★حَاذِقٌ ★صَمِيْمٌ ★عَفِيْفٌ ★حَبِيْبٌ

★هٰذَا الرَّجُلُ طَبِيْبٌ حَاذِقٌ ★خَالِدٌ صَدِيْقٌ صَمِيْمٌ ❶

★زَيْدٌ وَلَدٌ سَعِيْدٌ ★اَلرَّجُلُ رَفِيْقٌ حَبِيْبٌ ★هٰذِهٖ بِنْتٌ عَفِيْفَةٌ.

مشق

عربی بنائیں

✪ یہ طبیب شریف آدمی ہے ✪ وہ عالم گہرا دوست ہے ✪ خالد پیارا لڑکا ہے ✪ زید کی عورت پارسا ہے ✪ وہ پختہ سڑک ہے ✪ یہ سیدھا راستہ ہے ✪ وہ دو طبیب مسلمان ہیں ✪ وہ دو طالب علم پارسا ہیں ✪ وہ دو بچیاں خوبصورت ہیں۔

---

❶ گہرا، مخلص

www.dawateislami.net

سبق:9

مبتدأبہ ضمائر

ضمیر: وہ اسم ہے جو متکلم یا حاضر یا غائب کو بتانے کے لیے مقرر کیا گیا ہو۔ جیسے أَنَا (میں) أَنْتَ (تو) هُوَ (وہ) نَحْنُ (ہم، ہم دو، ہم لوگ) أَنْتُمْ (تم لوگ)۔

★هُوَ ★هُمَا ★هُمْ ★هِيَ ★هُنَّ ★بَطَلٌ ★رَاقِدٌ

★هُوَ رَجُلٌ ★هُمَا مُسْلِمَانِ ★هُمْ جَالِسُوْنَ ★هِيَ امْرَأَةٌ ★هُمَا مُؤْمِنَتَانِ ★هُنَّ جَاهِلَاتٌ ★أَنْتَ بَطَلٌ❶ ★أَنْتِ رَاقِدَةٌ❷ ★أَنْتُمَا كَاتِبَانِ ★أَنْتُمْ أَبْطَالٌ ★أَنْتُنَّ مُؤْمِنَاتٌ ★أَنْتُمَا جَمِيْلَتَانِ ★أَنَا صَاحِبُ الْمَالِ ★نَحْنُ أَهْلُ السُّنَّةِ ★أَنْتَ شَافِعِيٌّ ★أَنَا حَنَفِيٌّ ★نَحْنُ مُتَعَلِّمَانِ ★أَنْتُنَّ جَالِسَاتٌ ★هٰؤُلَاءِ الْوِلْدَانُ طَلِيْقُوْا الْوُجُوْهِ.

---

❶ بہادر ❷ سوئی ہوئی

www.dawateislami.net

مشق

عربی بنائیں

✪وہ سوئی ہے ✪ وہ بہادر ہے ✪وہ (لوگ) اہل سنت ہیں ✪تو ہوشیار ہے ✪تم سب علم والی ہو ✪ ہم لوگ ہنس مکھ ہیں ✪ میں جمال والی ہوں ✪زید شافعی ہے ✪وہ حنفی ہے ✪وہ دو ریلوے انجن ہیں ✪ میں سویا ہوں ✪ میں زید کی بیٹی ہوں ✪ ہم سب گاؤں کی عورتیں ہیں ✪تو زید کی لڑکی ہے ✪تم دونوں بیٹھی ہو ✪تم لوگ مسلمان ہو ✪وہ طلبہ گاؤں کے رہنے والے ہیں ✪زید کے دو لڑکے بیٹھے ہیں ✪ خالد کی دو عورتیں ہنس مکھ ہیں ✪ ہم دو بہادر ہیں۔

☆ **حكاية:** حكي أن إمرأة كان لها زوج منافق وكانت تقول على كل شيء من قول أو فعل «بسم الله» فقال زوجها لأفعلن ما أخجلها به فدفع إليها صرة وقال لها احفظيها فوضعتها في محله وغطتها فغافلها وأخذ الصرة وما فيها ورماها في بئر في داره ثم طلبها منها فجائت إلى محلها وقالت «بسم الله» فأمر الله جبرئيل أن ينزل سريعا و يعيد الصرة إلى مكانها فوضعت يدها لتأخذها فوجدتها كما وضعتها فتعجب زوجها وتاب إلى الله تعالى.

www.dawateislami.net

سبق:10

جملۂ فعلیہ

فاعل: وہ اسم ہے جو فعل کے بعد ہو اور اس سے فعل کا تعلق بطورِ قیام ہو، جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ یعنی مارا زید نے، اس مثال میں زَیْدٌ فاعل ہے۔

★اَلنَّاس ★رَكِیْبٌ ★سَمِعَ ★مَضْمَضَ ★اٰمِنُوْا ★زَهَقَ ★نَصَرَ

★اٰمَنَ النَّاسُ ★رَكِبَ[1] زَیْدٌ ★سَمِعَ الْوَلَدُ ★نَصَرَتْ بِنْتٌ ★اٰمَنْتُ ★لَنْ یَّرْكَبَ خَالِدٌ ★اِسْمَعُوْا ★مَضْمَضَ رَجُلٌ ★زَهَقَ[2] الْبَاطِلُ ★لَمْ یَرْكَبُوْا ★سَمِعْنَا ★اِرْكَبُوْا ★اِسْمَعِیْ.

مشق

عربی بنائیں

✪ ایمان لایا زید ✪ سنا انہوں نے ✪ کلی کی میں نے ✪ سوار ہوئی وہ ✪ مدد کی اس نے ✪ ہرگز نہیں سنے گا بکر ✪ مارا لوگوں نے ✪ نہیں سنا عمرو نے ✪ مدد کی ایک عورت نے ✪ قیمتی تولیہ نیا ہے ✪ میں ہنس مکھ ہوں۔

---

[1] سوار ہوا، اور رَكِیْبٌ دوسرے کے ساتھ سوار ہونے والا [2] ناپید وفنا ہونا

www.dawateislami.net

سبق:11

فاعِل بہ ترکیبِ وصفی

★تَرْجَمَ ★يَذْهَبُ ★قَرَأَ ★جَلَسَ ★ذَهِيْنٌ ★غَبِيٌّ

★قَرَأَ وَلَدَانِ سَعِيْدَانِ ★تَرْجَمَ الْعَالِمُ النَّبِيْهُ

★يَذْهَبُ الْمُسْلِمُوْنَ الصّٰلِحُوْنَ ★يَقْرَأُ زَيْدُنِ الْغَبِيُّ[1]

★جَلَسَتِ الْمَرْاَتَانِ الْعَاقِلَتَانِ ★يَسْمَعُ وَلَدٌ ذَهِيْنٌ ★جَلَسَ

صَبِيٌّ سَعِيْدٌ.

مشق

عربی بنائیں

✪ترجمہ کیا ذہین لڑکے نے ✪پڑھتی ہے عقلمند عورت ✪جاتی ہیں مسلم عورتیں ✪جائیں گے بہادر مسلمان ✪بیٹھے دو کند ذہن لڑکے ✪سوار ہوا نیک بخت لڑکا ✪سنتے ہیں دو مسلمان عالم ✪پڑھا دو مومن عورتوں نے ✪مدد کرے گا ہوشیار زید۔

---

[1] کمزور ذہن والا

www.dawateislami.net

سبق:12

فاعل بہ ترکیبِ اِضافی

★أَمَرَ ★یَضْحَكُ ★یَلْعَبُ ★اَلْوِلْدَانُ ★اَلزَّوْجَةُ ★یُتَرْجِمُ

★أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ★ذَهَبَ صَاحِبُ الْمَالِ ★یَلْعَبُ وِلْدَانُ الْمَدْرَسَةِ ★تَرْجَمَ عُلَمَاءُ الْإِسْلَامِ ★یُتَرْجِمُ عَمُّ خَالِدٍ ★تَذْهَبُ نِسَاءُ الْقَرْیَةِ ★غَسَلَتْ زَوْجَةُ زَیْدٍ ★یَضْحَكُ عَبْدُالرَّسُوْلِ ★قَرَأَتْ بَنَاتُ بَکْرٍ.

مشق

عربی بنائیں

✪ مدد کی اللہ کے رسول نے (صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلّم) ✪ ترجمہ کیا زید کے لڑکے نے ✪ سنا خالد کی بیوی نے ✪ دھوتی ہیں گاؤں کی عورتیں ✪ پڑھتے ہیں بکر کے لڑکے ✪ سوار ہوئے علمائے اسلام ✪ ہنستی ہیں خالد کی لڑکیاں ✪ کھیلتا ہے زید کا چچا ✪ بکر کی بیٹی پارسا ہے ✪ زید کی بیٹی ہنس مکھ ہے ✪ یہ خالد کی کتاب ہے ✪ سنتے ہیں مدرسہ کے طالب علم ✪ پڑھا خالد کی دو بیویوں نے۔

www.dawateislami.net

سبق:13

فاعل بترکیبِ اِشارہ ومشارٌ اِلَیہ

★أَقْرَأُ ★فَهِمَ ★عَلَّمَ ★اَلْمَوْلَوِيُّ ★اَلْمُقَاتَلَةُ ★اَلْمُنَاظَرَةُ

★أَقْرَأَ هٰذَا الْمَوْلَوِيُّ ★عَلَّمَتْ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ ★تَقْرَأُ تِلْكَ الصَّبِيَّةُ ★قَاتَلَ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ ★نَاظَرَ تِلْكَ الْعُلَمَاءُ ★فَهَّمَ ذٰلِكَ السُّنِّيُّ ★ذَهَبَتْ هٰذِهِ الْبَنَاتُ ★قَرَأَ هٰذَانِ الْوَلَدَانِ.

مشق

عربی بنائیں

✪ پڑھتا ہے وہ لڑکا ✪ سمجھائے گا وہ عالم ✪ پڑھاتی ہے وہ عورت ✪ مناظرہ کیا مدرسہ کے لڑکوں نے ✪ جنگ کریں گے یہ طلبہ ✪ ہنستے ہیں یہ لڑکے ✪ سنا ان دو مردوں نے ✪ پڑھیں گی یہ لڑکیاں ✪ سمجھایا ان علماء نے ✪ مولوی کا لڑکا معلم ہے ✪ زید کے دو قلم نئے ہیں ✪ تعلیم دی شہر کے دو عالموں نے۔

www.dawateislami.net

سبق:14

خبر بہ ترکیبِ فعل وفاعل

★أَسْلَمَ ★أَعْلَنَ ★اَلدَّوْلَةُ ★اَلْكَافِرُ ★خَطَبَ.

★زَيْدٌ ضَرَبَ ★اَلْكَافِرُ أَسْلَمَ ★اَلرِّجَالُ قَاتَلُوْا ★اَلدَّوْلَةُ الْهِنْدِيَّةُ أَعْلَنَتْ ★اَلدَّوْلَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ طَالَبَتْ ★هٰؤُلَآءِ الْعُلَمَاءُ أَعْلَنُوْا ★وِلْدَانُ الْمَدْرَسَةِ خَطَبُوْا ★اَلْمُسْلِمُوْنَ نَصَرُوْا ★اَلْمَرْأَةُ ضَرَبَتْ ★اَلصَّبِيُّ قَرَأَ ★اَلنَّاسُ يَخْطُبُوْنَ ★اَلنِّسَاءُ يَعْلَمْنَ ★اَلْمُتَعَلِّمُوْنَ يَذْهَبُوْنَ ★مُسْلِمُوْ بُمْبَئِيْ ذَهَبُوْا ★مَوْلَوِيَّا الْبَلْدَةِ جَلَسَا.

مشق

عربی بنائیں

✪زید کے لڑکے جائیں گے ✪طلبہ نے مناظرہ کیا ✪مدرسے کے لڑکے تقریر کریں گے ✪ہندوستانی حکومت مطالبہ نہیں کرے گی ✪پاکستانی حکومت اعلان کرتی ہے ✪دو عالموں نے تقریر کی ✪طالبعلم پڑھتے ہیں۔

www.dawateislami.net

سبق:15

جملہ اِسمیہ اِستفہامیہ

اسم استفہام: وہ اسم ہے جس کے ذریعے کسی چیز کو پوچھا جائے۔

★مَا ★مَنْ ★کَیْفَ ★مَتٰی ★اَیْنَ ★اَلْمِزَاجُ ★کَمْ ★اَلسَّاعَةُ ★اَلذَّهَابُ

★مَاهٰذَا؟ ★هٰذَا قَلَمٌ ★مَنْ أَنْتَ ؟ ★أَنَا زَيْدٌ ★مَنْ ضَرَبَ؟ ★ضَرَبَ خَالِدٌ ★مَتٰی ذَهَابُ زَيْدٍ؟ ★کَيْفَ مِزَاجُ عَمْرٍو؟ ★أَيْنَ السِّكِّيْنُ؟ ★كَمْ مَالُ زَيْدٍ؟ ★كَمِ السَّاعَةُ؟.

مشق

عربی بنائیں

✪وہ کیا ہے؟ ✪وہ دودھ ہے ✪یہ کون ہے ؟ ✪میں کون ہوں؟ ✪کس نے دھویا؟ ✪زید کی طبیعت کیسی ہے ؟ ✪کون پڑھتا ہے؟ ✪بکر کا علم کتنا ہے؟ ✪سائیکل کہاں ہے؟ ✪خالد کی بیوی کہاں ہے؟ ✪زید کا ہمنام کون ہے؟

www.dawateislami.net

سبق:16

فعلِ مجہول

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر کیا جائے جیسے قَتَلَ رَجُلٌ یعنی قتل کیا ایک آدمی نے، اس مثال میں قَتَلَ فعل معروف ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر نہ کیا جائے، جیسے قُتِلَ زَیْدٌ یعنی قتل کیا گیا زید، اس مثال میں قُتِلَ فعل مجہول ہے۔

نائب فاعل: وہ اسم ہے جو فعل مجہول کے بعد فاعل کی جگہ پر لایا جائے جیسے قُتِلَ زَیْدٌ میں زیدٌ نائب فاعل ہے۔

★فُتِحَ ★مَثَلٌ ★ثَوْبٌ ★صَوْتٌ ★اُکْرِمَ ★اَلْبَابُ ★لُبِسَ ★جُرِحَ

★فُتِحَ الْبَابُ ★ضُرِبَ مَثَلٌ ★غُسِلَ الثَّوْبُ ★رُفِعَ الصَّوْتُ ★قُطِعَ الثَّوْبُ ★اُکْرِمَ الْعَالِمُ ★لُبِسَ السِّرْوَالُ ★جُرِحَ الْوَجْهُ ★قُرِئَ الْقُرْاٰنُ ★اَلنَّاسُ قُتِلُوْا ★اَلنِّسَآءُ ضُرِبْنَ ★کُسِرَ اللَّوْحُ.

www.dawateislami.net

نائبِ فاعل بہ ترکیبِ وصفی، اِضافی اوراِشاری

★شُرِبَ ★زَیْتُ الْغَارِ ★أُكِلَ ★اَلْمَائِدَةُ ★اَلإِفْرَاغُ ★نُوِّمَ

★وُجِدَ الْمَآءُ الْبَارِدُ ★شُرِبَ الْمَاءُ الْحَمِيْمُ ★عُجِنَ دَقِيْقُ الْحِنْطَةِ ★أُكِلَ هٰذَا الْأَرُزُّ ★أُفْرِغَ[1] زَيْتُ الْغَارِ[2] ★بُسِطَتِ الْمَائِدَةُ ★نُوِّمَ عَبْدُاللهِ ★جُرِحَ وَجْهُ الصَّبِيِّ ★غُسِلَ ثَوْبُ الْمَرْأَةِ ★أُقْرِئَ عَبْدُالنَّبِيِّ ★قُرِعَتْ هٰذِهِ الْبَوَّابَةُ ★تِلْكَ الْقَعَّادَةُ[3] وُضِعَتْ ★سُمِعَ صَوْتُ النَّاسِ.

مشق

عربی بنائیں

✪ کھائی گئی وہ روٹی ✪ آٹا گوندھا گیا ✪ بچھایا گیا پاکیزہ رومال ✪ کھٹکھٹایا گیا مدرسے کا پھاٹک ✪ پیا گیا پانی ✪ مار ڈالا گیا جاہل مرد ✪ پڑھایا گیا نیک بخت لڑکا ✪ خوبصورت بچی سلائی گئی ✪ پایا گیا مٹی کا تیل ✪ ٹھنڈا پانی انڈیلا گیا ✪ خالد کی چارپائی بچھائی گئی ✪ زید کا کلام سنایا گیا ✪ زید کی لڑکیاں پڑھائی گئیں ✪ دستر خوان کہاں ہے؟ ✪ مسجد کا دروازہ نیا ہے ✪ خالد کی دو تختیاں دھوئی گئیں۔

---

[1] انڈیلا گیا، الإفراغ انڈیلنا [2] مٹی کا تیل [3] چارپائی

www.dawateislami.net

سبق:17

منصوبات

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یاالف یایاء آئے جیسے اَلْمُسْلِمَ ★اَلْاٰیَاتِ ★اَخَازَیْدٍ ★اَلْمُسْلِمَیْنِ ★اَلْمُسْلِمِیْنَ.

مفعول بہ: وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے قَتَلْتُ زَیْدًا اس مثال میں زَیْدًا مفعول بہ ہے کیونکہ فاعل کا فعل زید پر واقع ہوا ہے۔

★اٰیَةٌ ★سُوْرَةٌ ★رَأَیْتُ ★اَلْکَلْبُ ★اَلدَّرْسُ ★اَلْمُلْحِدُ

★قَتَلَ زَیْدٌ فِیْلًا ★سَمِعْتُ اٰیَةً ★قَرَأَ الْعَالِمُ سُوْرَةً ★رَأَیْتُ الطَّیَّارَةَ ★بَکْرٌ أَذْهَبَ السَّیَّارَةَ ★قَرَأْتُ اٰیَاتٍ ★اَلصَّبِیَّةُ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ ★أَکَلْتُ الْخُبْزَ ★زَیْدٌ قَرَأَ الدَّرْسَ ★لَا تَضْرِبِ الْکَلْبَ ★عَلَّمَ أَبُوْ زَیْدٍ خَالِدًا ★اَلْوِلْدَانُ یَقْرَؤُوْنَ الدَّرْسَ ★اُکْتُبْ کِتَابًا ★نَظَرْتُ الْمُلْحِدِیْنَ[1] ★بَکْرٌ یُقْرِئُ الْمُسْلِمِیْنَ

---

[1] دین سے انحراف کرنے والے

www.dawateislami.net

★اَلرِّجَالُ شَرِبُوْاالْمَاءَ ★اِعْمَلُوْاالصَّالِحَاتِ.

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪مرد نے زید کو پڑھایا ✪ہاتھی نے بکر کو مار ڈالا ✪تم زید کو نہ مارو ✪میں سبق پڑھتا ہوں ✪عورتیں بکر کو مارتی ہیں ✪میں نے ایک خط لکھا ✪لوگوں نے بے دِینوں سے جنگ کی ✪زید نے مسلمانوں کی مدد کی ✪میں ایک سورۃ پڑھوں گا ✪بکر نے لڑکیوں کو پڑھایا۔

☆ سأل هشام بن عمرو فَتىً أعرابيا عن عمره
فقال :كم تَعُدُّ يا فَتى العَرَبِ؟
قال الفتي :أَعُدُّ مِن واحد إلى ألف وأكثر
قال هشام :لم أُرِدْ هذا،بل أردتُ كم تَعُدُّ مِن السِّنِّ؟
قال الفتى: اثنين وثلاثين سِنًّا في فَمِيْ. ستة عشر مِن فوقُ ومِثْلُها مِن تحتُ
قال هشام: لَم أُرِدْ هذا.كم لك مِن السنين؟
قال الفتى :قدّره اللّٰه سبحانَه
قال هشام: قصدى أن أَسالَك ما سِنُّك؟
قال الفتى: سنّي مِن عَظْمٍ
قال هشام :يا بُنَيَّ إنما أَقصِدُ ابنَ كَم أنت؟
قال الفتى: طبعاً ابن اثنَين أب وأمّ
قال هشام: باللّٰه أُريدُ أن أسالَك ما عمرك؟
قال الفتى :الأعمارُ بيَدِ اللّٰهِ لاَ يَعلَمُها إلاّ هو
قال هشام: وَيْحَكَ يا فتى، لقد حيّرتَني ماذا أقول؟
قال الفتى: قل: كَم مَضَى مِن عمرِك؟

www.dawateislami.net

سبق:18

مفعول بہ بہ ترکیبِ وصفی، اِشاری واِضافی

★اَلشُّجَاعُ ★اَلْقَرِيحُ ★اَلْهِنْدُوكِيُّ ★اَلسَّمَنُ ★يَكْرَهُ ★حَرَّمَ

★أَقْتَلْتَ الرَّجُلَ الشُّجَاعَ ★شَرِبْتُ الْمَاءَ الْحَمِيمَ ★اَلرِّجَالُ أَكَلُوا السَّمَنَ الْقَرِيحَ❶ ★اَلنَّاسُ يَشْرَبُوْنَ لَبَنَ الشَّاةِ ★رَأَيْتُ هِنْدُوْكِيًّا❷ ★اَلْهَنَادِكُ لَايَأْكُلُوْنَ لَحْمَ الْبَقَرَةِ ★حَرَّمَ اللّٰهُ لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ ★زَيْدٌ لَايَلْبَسُ سِرْوَالاً وَسِخًا ★اَلصَّبِيُّ شَرِبَ هٰذَا الْمَاءَ ★ضَرَبْتُ هٰذَيْنِ الْوَلَدَيْنِ ★أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ ★اَعْرِفُ أَخَابَكْرٍ ★عَلَّمَ زَيْدٌ هٰذَا اللِّسَانَ ★يُقْرِئُ أَبُوْخَالِدٍ أَبَازَيْدٍ ★ضَرَبَ عَمٌّ بَكْرٍ أَخَاعَمْرٍو ★أَخُوْزَيْدٍ يَشْرَبُ الْمَاءَ الْبَارِدَ ★يَكْرَهُ ذُوالْمَالِ بَكْرًا ★أُعَظِّمُ ذَاالْعِلْمِ ★عَبْدُالرَّسُوْلِ يَعْلَمُ اللُّغَةَ الْأُرْدِيَّةَ ★اَلْكُفَّارُ يُكَذِّبُوْنَ اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ.

---

❶خالص ❷ہندو مذہب والا

www.dawateislami.net

مشق

عربی بنائیں

✪ کیا تم نے ابو الحسن کو دیکھا ✪ میں عربی زبان سکھاتا ہوں ✪ زید نے ایک بہادر مرد کو مار ڈالا ✪ ہندو گائے کا دودھ پیتے ہیں ✪ میں میلے کپڑے سے نفرت کرتا ہوں ✪ میں اس تختی کو دھوؤں گا ✪ ہم نے زید کے بھائی کو مارا ✪ خالد کے باپ نے بکر کو تعلیم دی ✪ میں نے ان دو لڑکیوں کو پڑھایا ✪ زید کا باپ خالد کا ہمنام ہے ✪ قرآن کی دو سورتیں پڑھی گئیں ✪ شہر کے دو ہندو مسلمان ہوئے ✪ یہ سڑک پختہ کی گئی۔

☆ **٦. سرکار میں نہ "لا" ہے نہ حاجت اگر کی ہے**

أخبر أَبو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ أَنَّ أُنَاسًا مِنْ الْأَنْصَارِ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَسْأَلْهُ أَحَدٌ مِنْهُمْ إِلَّا أَعْطَاهُ حَتَّى نَفِدَ مَا عِنْدَهُ فَقَالَ لَهُمْ حِينَ نَفِدَ كُلُّ شَيْءٍ أَنْفَقَ بِيَدَيْهِ: مَا يَكُنْ عِنْدِي مِنْ خَيْرٍ لَا أَدَّخِرْهُ عَنْكُمْ وَإِنَّهُ مَنْ يَسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللَّهُ وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللَّهُ وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللَّهُ وَلَنْ تُعْطَوْا عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنْ الصَّبْرِ. (صحيح البخاري – ٢٠ / ١٠٨)

www.dawateislami.net

سبق:19

مفعول بہ بہ ضمیر

★ہٗ ★ھُمَا ★ھُمْ ★نِیْ ★نَا ★كَ ★إِیَّاہُ ★إِیَّاكَ ★اَلْإِرْسَالُ

★زَیْدٌ ضَرَبَهٗ ★ضَرَبَ زَیْدٌ إِیَّاہُ ★قَتَلْتُھُمَا ★نَصَرْتُھُنَّ

★نَنْصُرُھُمْ ★اَشْرَبُھَا ★خَالِدٌ أَكْرَمَنَا ★أَخُوْزَیْدٍ أَقْرَأَنِیْ ★اَللّٰهُ

خَلَقَكُمْ ★یُكْرِمُ زَیْدٌ إِیَّایَ ★طَلَبَكَ خَالِدٌ ★طَلَبَ زَیْدٌ إِیَّایَ

★أَكْرَمْتُكُمَا ★زَیْدٌ أَخْرَجَكُنَّ ★مَدَحْتُكَ ★عَلَّمَ بَكْرٌ إِیَّاكَ

★عَلَّمَكَ بَكْرٌ ★أَرْسَلَ النَّاسُ إِیَّاھُمْ ★غَسَلْتُ لَوْحَیْ زَیْدٍ

★لَوْحَا زَیْدٍ مَغْسُوْلَانِ ★نَصَرْتُ مُسْلِمِیْ بَمْبَئِیْ ★ذٰلِكَ

الْوَلَدُ قَرَأَ سُوْرَتَیِ الْقُرْاٰنِ.

www.dawateislami.net

مشق

عربی بنائیں

✪کسی شخص نے اس کو مار ڈالا ✪ان دو کی میں نے مدد کی ✪تم نے اس (مؤنث) کو مارا ✪لوگ ہماری تعظیم کرتے ہیں ✪میں نے تجھ (مؤنث) کو نکالا ✪لوگوں نے ان کئی (مؤنثوں) کو مار ڈالا ✪خالد نے بھیجا مجھ کو ✪زید ہم کو نہیں پہچانتا ہے ✪زید تم لوگوں کو پڑھائے گا ✪ہم نے تیری تعظیم کی ✪زید نے ہم کو پلایا ✪ان سب کی خالد مدد کرے گا ✪میں زید کا دو موٹر لے جاؤں گا ✪ہم نے مسلمانان بمبئی کو دیکھا ہے۔

☆ **ومن المنقول** عن عيسى عليه السلام أن إبليس جاءِ إليه فقال له أَلستَ تزعم أنه لا يصيبك إلا ما كتب الله لك قال بلى قال فَارْمِ بنفسك مِن هذا الجبل فإنه إن قدر لك السلامةَ تَسلم فقال له يا معلونُ إن لله عزوجل أن يختبرَ عبادَه وليس للعبد أن يختبر ربَّه عزوجل.

☆**كان لإبراهيم** بن طهمان جِرايةٌ مِن بيتِ المال فسُئِلَ عن مسألة في مجلس الخليفةِ فقال لا أَدرِي فقالوا له تَأخُذُ في كلِّ شهرٍ كذا وكذا ولا تُحْسِنُ مسألةً فقال إنما آخُذُ على ما أُحْسِنُ ولو أَخذتُ على ما لا أُحسِنُ لَفَنِيَ بيتُ المالِ ولا يَفْنٰى ما لا أُحسِنُ فأَعجَبَ الخليفةَ جوابُه، وأَمَرَ له بِجائِزةٍ فاخِرةٍ وزَادَ في جِرايَتِه. **(الأذكياء لابن الجوزي)**

www.dawateislami.net

سبق:20

مفعولِ فیہ

وہ اسم ہے جس کا مصداق فاعل کے فعل کے لئے وقت یا جگہ واقع ہو، جیسے اَلْوَلَدُ دَخَلَ الْمَدْرَسَةَ ★اِغْتَسَلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ان مثالوں میں الْمَدْرَسَةَ اوريَوْمَ الْجُمُعَةِ مفعول فیہ ہے، ترکیب میں مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

★يَسْكُنُ ★اَلْيَوْمَ ★غَدًا ★أَمْسِ ★قَبْلُ ★بَعْدُ ★تَحْتُ ★فَوْقُ ★ثُمَّ

★زَيْدٌ يَسْكُنُ الْقَرْيَةَ ★ضَرَبْتَ الْيَوْمَ ★اَلرَّجُلُ يَذْهَبُ غَداً ★قَرَأْتُ أَمْسِ ★أَكَلَ النَّاسُ قَبْلَ الْكِتَابَةِ ★دَفَنْتُ الْمَالَ تَحْتَ الْأَرْضِ ★جَلَسْتُ فَوْقَ السَّيَّارَةِ ★قَتَلَ زَيْدٌ خَلْفَ الدَّارِ ★لَاتَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى ★وَقَفَ الرَّجُلُ قُدَّامَ السَّيَّارَةِ ★لَاتَكْتُبْ بَعْدَ الْعَصْرِ ★زَيْدٌ قَرَأَ الْقُرْآنَ عِنْدَ خَالِدٍ ★بُسِطَ الْحَصِيْرُ أَمَامَ زَيْدٍ ★ذَهَبَ عَمْرٌو بَعْدَ الْعِشَاءِ ★أَبُوْكَ أَكَلَ الطَّعَامَ هٰهُنَا

www.dawateislami.net

★اِجْلِسْ ثَمَّ ★أَيْنَ قَلَمُكَ؟.

مشق
عربی بنائیں

✪میں آج لکھوں گا ✪تم کل جاؤ گے ✪لوگ کل گئے ✪میں نے لکھنے سے پہلے کھایا ✪میں یہاں بیٹھوں گا ✪یہ مرد گاؤں میں رہتا ہے ✪میں نے چٹائی کے نیچے خط پایا ✪زید نے چارپائی کے اوپر سلایا ✪زید کے لڑکے آج مارے گئے ✪ایک عورت بکر کے پاس بیٹھی ہے ✪خالد کو عشاء کے بعد سلاؤ ✪میں زید کے آگے موٹر لے گیا ✪تم زید کو خالد کے سامنے پڑھاؤ ✪مسجد کا دروازہ کھولو ✪تو نے مجھے طلب کیا ✪زید وہاں نہیں پڑھے گا۔

حكاياتُ جُحَا

☆ **أَهدى** رجل لِجُحَا خاتَماً بدون فصّ، فقال له جحا: اللهُ يُعطيك في الجنة بيتا بدون سقف.

☆ **سَئَلَ** جُحَا شخصٌ إذا أصبح الصبحُ خرج الناسُ من بيوتهم إلى جهات شتّى، فلِمَ لا يذهبون إلى جهة واحدة؟

فقال له: إنما يذهب الناس إلى كل جهة حتى تحفظ الأرض تَوازنَها أما لو ذهبوا في جهة واحد فسيختلّ توازنُ الأرضِ، وتميل وتسقط.

www.dawateislami.net

سبق:21

مفعولِ مطلق ومفعولِ لَه

مفعولِ مطلق: وہ مصدر ہے جس کے پہلے کوئی فعل اسی مصدر کے معنی میں ہو جیسے جَلَسْتُ جَلْسَةً، اس مثال میں جَلْسَةً مفعول مطلق ہے۔

مفعولِ لہ: وہ اسم ہے جو فاعل کے فعل کا سبب ہو جیسے قَتَلْتُ غَضَباً اس مثال میں غَضَباً مفعول لہ ہے۔

★هِدَايَةً ★تَأْدِيباً ★جَهَالَةً ★سَئَلْتُ ★اَلتَّسْلِيمُ ★اَلْخَالُ

★أَرْسَلَ اللّٰهُ الْأَنْبِيَاءَ هِدَايَةً ★لَاتَقْتُلْ غَضَباً ★سَلِّمُوْا تَسْلِيماً ★جَلَسْتُ جِلْسَةَ الْعَالِمِ ★ضَرَبَ زَيْدٌ ضَرْبَةً ★فَعَلُوْا جَهَالَةً ★سَئَلَ زَيْدٌ إِيَّاىَ الْقِرْطَاسَ ★قَرَأَ خَالِدٌ كِتَابَ اللّٰهِ ★ضَرَبَنِيْ أَخُوْبَكْرٍ تَأْدِيباً ★مَنْ أَقْرَأَ وَلَدَكَ؟ ★أَبُوْكَ خَالِيْ ★اَلْخَالُ أَخُو الْأُمِّ .

www.dawateislami.net

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪لوگ علماء کے بیٹھنے کی طرح بیٹھے ✪میں نے زید کے بھائی کو ایک بار مارا ✪تو نے نادانی کی وجہ سے کیا ✪زید کے باپ نے بکر کو غصہ کی وجہ سے قتل کیا ✪ہم نے خالد کو ادب دینے کے لیے مارا ✪ہم نے زید سے ایک کتاب مانگی ✪جمعہ کے دن زید یہاں قرآن پڑھے گا۔

☆ **يحكى** أن جماعة جاؤوا إلى أبي حنيفة رضي الله عنه ليناظروه في القراءة خلف الإمام ويبكتوه ويشنعوا عليه فقال لهم لا يُمكنني مناظرة الجميع ففوِّضُوا أمرَ المناظرةِ إلى أعلَمِكم لأُناظِرَه، فأَشارُوا إلى واحد، فقال هذا أَعلَمُكم فقالوا نعم، قال والمناظرةُ معه مناظرةٌ لكم قالوا نعم، قال والإلزامُ عليه كالإلزامِ عليكم قالوا: نعم، قال وإن ناظرتُه وأَلزمتُه الحجةَ فقد أَلزمتُكم الحُجّةَ قالوا: نعم، قال: وكيف؟ قالوا: لأنّا رَضِينا به إماماً فكان قولُه قولَنا، فقال أبو حنيفةَ فنحن لمّا اختَرنا الإمامَ في الصلاة كانت قراءتُه قراءةً لنا وهو يَنُوبُ عنا فأَقَرُّوا له بالإلزام. **(روح البيان)**

☆ وعن أبي يوسف قال مات لي ولد فأمرت من يتولى دفنه ولم أدع مجلس أبي حنيفة خوفا أن يفوتني منه يوم. **(المستطرف)**

www.dawateislami.net

سبق:22

مفعول بہ اَسمائے اِستفہام

★مَنْ ضَرَبْتَ ؟ ★مَا سَئَلْتَ ؟ ★مَتٰی ذَهَبَ زَیْدٌ ؟

★کَیْفَ نَسْمَعُ؟ ★أَیْنَ یَسْکُنُ خَالُ زَیْدٍ؟ ★هُوَیَسْکُنُ الْبَلْدَةَ

★کَمْ أَخَذْتَ؟ ★أَخَذْتُ نِصْفَ الرُّوْبِیَةِ ★کَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ؟

★مَتٰی تَقْرَأُ الصَّبِیَّةُ ★مَا أَکْتُبُ ★أُکْتُبْ دَرْسَكَ ★مَا اسْمُكَ؟

★اِسْمِیْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ الْقَادِرِیُّ ★اِسْمُ عَمِّ خَالِدٍ أَبُوْبَکْرٍ ★هَلْ رَأَیْتَ أَبَابَکْرٍ؟ ★مَارَأَیْتُه.

مشق

عربی بنائیں

✪ہاتھی کو کس نے مارڈالا ؟ ✪زید نے کیا[1] پڑھا؟ ✪کیا[2] زید نے پڑھا؟ ✪لوگوں نے ابو بکر کو کب مارا؟ ✪خالد کیسے پڑھے گا؟ ✪تو

---

(۱) (استفہام اسمی ہے ۱۲)

(۲) (استفہام حرفی ہے ۱۲)

www.dawateislami.net

نے یہ روپیہ کہاں پایا؟ ✪ میں کس سے مانگوں گا؟ ✪ تم کیا کھاؤ گے؟ ✪ مدرسے کے لڑکے کب پڑھیں گے؟ ✪ زید کے ماموں کا نام کیا ہے؟ ✪ اس بچے نے کتنا پڑھا؟ ✪ میں نے آدھی کتاب پڑھی؟۔

☆ **قاتلُ مائةِ نُفوس**

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: (كان فيمن قبلكم رجل قتل تسعة وتسعين نفساً ، فسأل عن أعلم أهل الأرض ، فدل على راهب، فأتاه)
القاتلُ (نادماً) : إني قتلت تسعة وتسعين نفساً، فهل لي من توبة؟
الراهب (في غباوة وجهل): لا.الرجل يقتل الراهب فيكمل به المائةَ. ثم يسأل عن أعلم أهل الأرض، فَيَدُلُّونه على رجل عالم. القاتل: إني قتلت مائة نفس، فهل لي من توبة؟ العالم (في ثقة): نعم، ومن يحول بينك وبين التوبة ! انطلق إلى أرض كذا وكذا فإن بها أُناساً يعبدون اللهَ تعالى فأعْبُدِ اللهَ مَعَهم، ولا تَرجع إلى أرضك فإنها أرض سوء.
(ينطلق الرجل حتى إذا نصف الطريق أي وصل نصفه أتاه الموت فاختصمت فيه ملائكة الرحمة وملائكة العذاب).
ملائكة الرحمة: جاء تائباً مقبلاً بقلبه إلى الله تعالى.
ملائكة العذاب: إنه لم يعمل خيراً قط.
(يأتيهم ملك في صورة آدمي فجعلوه بينهم).
المَلَكُ (يَحكُمُ) : قِيسوا ما بين الأرضَين ، فإلى أيّتهما كان أدنى فهو له.
(الملائكة تقيس ما بين الأرضَين فتجدُ التائبَ أقربَ إلى الأرض التي أرادها بشِبرٍ، فتقبضه ملائكةُ الرحمة). **(من بدائع القصص النبوي الصحيح)**

www.dawateislami.net
★اَلْوُلُوْغُ ★اَللَّعْقَةُ ★اَلْجُوْعُ ★اَلشُّرْبُ ★اَلْإِطْفَاءُ ★اَلْإِخْمَادُ ★اَللَّدْغُ

★اَلْوَضْعُ ★اَلنِّتَاجُ ★اَلْإِفَاقَةُ ★اَلْإِنْدِمَالُ ★اَلْوَجَأُ ★اَلْإِشَارَةُ

★اَلْإِيْمَاءُ ★اَلْغَمْزُ.

★جَلَسَ الْإِنْسَانُ ★رَبَضَتِ الشَّاةُ ★بَرَكَ① الْبَعِيْرُ②

★رَضِعَ الطِّفْلُ ★شَرِبَ الرَّجُلُ ★وَلَغَ③ الْكَلْبُ ★زَيْدٌ لَعِقَ④

الْعَسَلَ ★أَطْفَأَ السِّرَاجَ ★بَكْرٌ أَخْمَدَ⑤ النَّارَ ★تَلْسَعُ الْحَيَّةُ

★لَدَغَتِ⑥ الْعَقْرَبُ ★وَضَعَتِ الْمَرْأَةُ ★نَتَجَتِ⑦ النَّاقَةُ ★خَالِدٌ

أَفَاقَ مِنَ الْغَشْيِ ★اِنْدَمَلَ⑧ جَرْحُ زَيْدٍ ★صَحَّ مِنَ الْعِلَّةِ ★ضَرَبَتْ

---

① اونٹ بیٹھا ② اونٹ ③ کتے نے برتن میں منہ ڈال کر زبان کے کنارے سے پیا ④ زبان یا انگلی سے چاٹا ⑤ آگ کی آنچ کم کی ⑥ ڈسا ⑦ اونٹنی نے بچہ جنا ⑧ زخم اچھا ہونے کے قریب ہوا

www.dawateislami.net

بِالسَّيْفِ ★زَيْدٌ طَعَنَ بِالرُّمْحِ ★وَجَاءَ بِالسِّكِّيْنِ ★غَمَزَتْ[1] بِالْحَاجِبِ ★أَشَارُوْا بِالْيَدِ ★إِنِّي أَوْمَأْتُ بِالرَّأْسِ ★إِنَّكَ تَجُوْعُ الْمَاءَ.

مشق

عربوا الجمل الأردية

✪مولوی صاحب ! آپ یہاں تشریف رکھئے ✪میرا بچہ دودھ پیتا ہے ✪میں شہد چاٹتا ہوں ✪ بکریاں میرے گھر میں بیٹھتی ہیں ✪اونٹ کو یہاں نہ بیٹھنے دو ✪چراغ کس نے بجھایا؟ ✪سانپ نے مجھے کاٹا ✪ بچھو زید کو ڈنک مارے گا ✪ بکر نے تمہیں بلم مارا ✪زخم بھر جاتا ہے ✪تو بیماری سے اچھا ہو جائے گا ✪لوگوں کو ہوش ہو گیا ✪زید نے مجھ پر تلوار چلائی ✪خالد بھوں سے اشارہ کرتا ہے ✪اونٹنی (بچہ) جنے گی ✪لوگ سر سے اشارہ کرتے ہیں ✪میں نے کل سیٹھ عبدالرحیم کو بازار میں دیکھا ہے ✪زید کے سب لڑکے پڑھتے ہیں۔

---

[1] کسی کی طرف آنکھ یا ابرو سے اشارہ کیا

www.dawateislami.net

قرآنی جملوں کا ترجمہ اردو میں تحریر کریں

★اَلْخَشْيَةُ ڈر ★اَلْإِمْلَاقُ مفلسی ★اَلْعِقَابُ عذاب ★اَلتَّحْرِيْضُ آمادہ کرنا ★اَلْقِتَالُ جہاد ★اَلْمَغْفِرَةُ بخشش ★اَلْكَرِيْمُ عزت والا ★اَلْحَيُّ زندہ ★اَلْمَيِّتُ مردہ ★كَذٰلِكَ یونہی ★اَلْإِخْرَاجُ نکالنا

★وَلَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ ★نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُمْ ★وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ★يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ★إِنَّ اللهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ★لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيْمٌ ★إِنَّ اللهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلٰكِنَّ النَّاسَ أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ★يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ★وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ.

☆**فضل التعلم في الصغر**: قيل: بادروا بتأديب الأطفال قبل تراكم الأشغال. وسمع الحسن رجلاً يقول: التعلم في الصغر كالنقش في الحجر فقال: الكبير أوفر عقلاً منه لكنه أشغل قلباً. (محاضرات الأدباء، ١/ ١٦)

www.dawateislami.net

سبق:6

اضافت منّیّہ، لامیّہ ظرفیّہ کا استعمال

اضافتِ منّیّه: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر مِنْ حرف جار داخل ہو جیسے جُزْءٌ مِنَ الْقُرْاٰنِ یعنی قرآن کا ایک پارہ۔

اضافتِ لامیه: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر لَام حرف جار آئے جیسے وَلَدٌ لِزَیْدٍ یعنی زید کا ایک لڑکا۔

اضافتِ ظرفیه: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر فِيْ حرف جار داخل ہو جیسے اَلْمُصَارِعُ فِيْ دِھْلِيْ یعنی دہلی کا پہلوان۔

نوٹ: جو بائے جارہ فِيْ کے معنی میں ہو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

الانتباہ

ان اضافتوں کے ذکر کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو آگاہ کیا جائے کہ مِنْ، لَام جار اور فِيْ کا ترجمہ کا، کی، کے بھی آتا ہے۔

★اَلْخَاتَمُ ★اَلذَّھَبُ ★اَلْفِضَّةُ ★اَلْحَدِیْدُ ★اَلْبَلْدَةُ ★اَلصِّیْنُ ★اَلْقُرْطُ

www.dawateislami.net

★اَلسِّوَارُ ★اَلْخَلْخَالُ ★اَلشُّعْبَةُ ★اَلسَّيِّدُ سرکار

★قَرَأْتُ فِي الثَّالِثِ مِنْ شَوَّالٍ ★اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيْمَانِ ★أَخٌ لِزَيْدٍ ثَرِيٌّ ★تَلَوْتُ جُزْءً مِنَ الْقُرْاٰنِ ★زَيْدٌ دَرَّسَ الْبَابَيْنِ مِنْ غُلِسْتَانَ (۱) ★اِشْتَرٰى خَاتَمًا مِنَ الذَّهَبِ ★هَلْ عِنْدَكَ سَيْفٌ مِنَ الْحَدِيْدِ؟ ★عِنْدَ هِنْدٍ سِوَارٌ ❶ مِنَ الذَّهَبِ ★يَخْطُبُ الْوِلْدَانُ بِدَارِ الْعُلُوْمِ ★ذَهَبَ الْمُصَارِعُوْنَ فِي الْهِنْدِ إِلَى الصِّيْنِ ★اَلرَّجُلَانِ فِي الْبَلْدَةِ اَكَلَا ★سَرِقَ أَحَدٌ قُرْطًا ❷ مِنَ الْفِضَّةِ ★مَا ذَهَبَ كَثِيْرٌ مِنَ الطَّلَبَةِ ★لَمَّا دَخَلْتُ الْمَدْرَسَةَ لِأَهْلِ السُّنَّةِ رَأَيْتُ الطَّلَبَةَ وَهُمْ دَارِسُوْنَ ★زَيْدٌ بَاعَ خَلْخَالًا مِنَ الْفِضَّةِ ★اَلْعُلَمَاءُ يُطَالِعُوْنَ الدَّوْلَةَ الْمَكِّيَّةَ لِلْإِمَامِ أَحْمَد رَضَا رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ★سَيِّدُنَا عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى

---

(۱) (گلستان کا معرب ہے ملاحظہ ہو المنجد لاعلام الشرق والغرب، ص ۳۷۲) ❶ ہاتھ کا کنگن ❷ کان کا زیور

www.dawateislami.net

عَنْهُ شَيْخٌ لِلْمَشَايِخِ ★جَاءَنِيْ وَالِدٌ لِخَالِدٍ هَاهُنَا ★بَهَارِ شَرِيْعَت لِصَدْرِ الشَّرِيْعَة أَمْجَد عَلِي عَلَيْهِ الرَّحْمَةُ فِي الْمَسَائِلِ الدِّيْنِيَّةِ ★إِنِّيْ أُدَرِّسُ الْكَافِيَةَ لِلْعَلَّامَةِ ابْنِ الْحَاجِبِ عَلَيْهِ الرَّحْمَةُ ★هَلْ قَرَأْتَ خَزَائِنَ الْعِرْفَان لِصَدْرِ الْأَفَاضِلِ نَعِيْمُ الدِّيْنِ الْمُرَاد ابَادِي عَلَيْهِ الرَّحْمَةُ؟ ★وَصَلَنِي الْكِتَابَانِ لِبَكْرٍ ★خَاتَمُ الْفِضَّةِ لِعَمْرٍو جَدِيْدٌ ★أُقْرِئُكُمْ شَيْئًا مِنَ الْقُرْانِ ★دَرَسْتُ الْجُزْءَ الْأَوَّلَ مِنْ فَيْضِ الْأَدَبِ ★إِنِّيْ اكُلُ شَيْئًا مِنَ الطَّعَامِ ★اَلْغُصْنُ الطَّوِيْلُ لِلشَّجَرَةِ مُخْضَرٌّ[1] ★أَبِيْعُ الْمَالَ لِزَيْدٍ ★عِنْدِيْ قَائِمَةٌ لِلْكُتُبِ.

الانتباہ: مندرجہ بالا عربی جملوں میں مضاف الیہ پر جس قدر حرف جار آئے ہیں ان سب کا متعلق محذوف ہے۔

مشق

اردو جملوں کی تعریب کریں

✪ مولوی ابو بکر نے گلستان کا ایک باب پڑھایا ✪ چاندی کا نیا کنگن کس

[1] سبز

www.dawateislami.net

کے پاس ہے؟ ✪ میں نے اس بچی کا پرانا پازیب دیکھا ہے ✪ آج دو شہری تقریر کریں گے ✪ پاکستان کے دو پہلوان موٹر میں سوار ہوئے ✪ زید کچھ چاندی فروخت کرے گا ✪ میں نے امام احمد رضا رضی اللہ تعالی عنہ کی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے ✪ فہرست کتب کس نے بھیجی؟ ✪ میں نے بہت سے عالموں کو سلام کیا ✪ خالد کو چاندی کی ایک نئی انگوٹھی کی ضرورت ہے ✪ ہندہ کے پاس سونے کا ایک آئرن ہے ✪ زید کا لڑکا خالد مدرسہ اہلِ سنّت میں پڑھتا ہے۔

ذیل کے قرآنی جملوں کا ترجمہ اردو میں تحریر کریں

★اَلْحَبْلُ رسی ★اَلتَّقْطِیْعُ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ★اَلْمَقَامِعُ گرز، ہتھوڑے ★اَلْجِیْدُ گلا، گردن ★اَلطَّیْرُ پرندوں ★اَلْاَرْبَعَۃُ چار ★اَلْمَسَدُ کھجور کی رسی ★اَلْاَخْذُ لینا، پکڑنا ★اَللِّقَاءُ ملنا، ملاقات ★اَلْکُفْرُ انکار کرنا ★اَلدَّرْکُ طبقہ ★اَلْاَسْفَلُ سب سے نیچا ★اَلْاِمْطَارُ برسانا ★اَلْاِسْقَاطُ گرانا ★اَلْحِجَارَۃُ پتھروں ★اَلسِّجِّیْلُ کنکر ★اَلسَّمَاءُ

www.dawateislami.net

آسمان ★ الجَعْلُ بنانا ★ الکِسَفُ ٹکڑوں ★ الظَّهِيرُ مددگار ★ العُرْضَةُ نشانہ ★ الأَيمَانُ قسمیں ★ التِّلاوَةُ پڑھنا ★ الرِضْوانُ رضا، خوشی ★ الثِّيَابُ کپڑے

★ وَلَهُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِيدٍ ★ فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِنْ مَسَدٍ

★ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِنَ الطَّيْرِ ★ وَإِنَّ كَثِيرًا مِنَ النَّاسِ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ★ إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ

★ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ إِنِّيْ رَسُوْلٌ مِنْ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

★ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ سِجِّيْلٍ ★ فَأَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ★ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِلْكٰفِرِيْنَ

★ وَلَا تَجْعَلُوا اللهَ عُرْضَةً لِأَيْمَانِكُمْ ★ وَرِضْوَانٌ مِنَ اللهِ أَكْبَرُ

★ وَإِنَّ كَثِيْرًا مِنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ★ اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِنَ الظَّنِّ ★ قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِنْ نَارٍ ★ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِنْ رَبِّيْ.

www.dawateislami.net

استعمال فعل بنفسہ وبواسطۃ صلات

جاننا چاہیے کہ اصطلاحِ نحو میں حرف جار کو صلہ بھی کہتے ہیں۔

عربی زبان کے اندر ایک ہی فعل کے اندر اختلافِ صلات سے رنگ برنگ کے معنی پیدا ہوتے ہیں حضراتِ اساتذہ متعدد مثالیں سامنے رکھ کر طلبہ کو یہ مضمون خوب ذہن نشین کرائیں۔

الاِخْتِلَافُ إِلٰى	آنا جانا
الاِخْتِلَافُ فِيْ	کسی معاملہ میں اختلاف کرنا
الضَّرْبُ	مارنا، مثل بیان کرنا، لگنا
الضَّرْبُ فِيْ	تیرنا، چلنا
الضَّرْبُ إِلٰى	جھکنا
الضَّرْبُ عَلٰى	مہر لگانا
التَّسْلِيْمُ	ماننا
التَّسْلِيْمُ عَلٰى	سلام کرنا
التَّسْلِيْمُ إِلٰى	سپرد کرنا
الدَّفْعُ	ہٹانا

www.dawateislami.net

الدَّفْعُ عَنْ	حفاظت کرنا
الدَّفْعُ إِلٰى	دینا
التَّـرَدُّدُ فِيْ	شک کرنا
التَّـرَدُّدُ إِلٰى	بار بار آنا
السُّؤَالُ	مانگنا
السُّؤَالُ عَنْ	پوچھنا
الدَّعْوَةُ	بلانا، پکارنا
الدَّعْوَةُ عَلٰى	بد دعا دینا
الدَّعْوَةُ لِ	دعا کرنا
الدَّعْوَةُ بِ	منگانا
الدَّعْوَةُ إِلٰى	کسی چیز کی طرف بلانا
الصَّلَاةُ	نماز پڑھنا
الصَّلَاةُ عَلٰى	درود پڑھنا، نماز جنازہ پڑھنا۔
التَّكْفِيْرُ	گناہوں کو مٹانا، کافر کہنا
التَّكْفِيْرُ عَنْ	کفارہ دینا

www.dawateislami.net

الرَّغْبَةُ عَنْ	رو گردانی کرنا
الرَّغْبَةُ إِلٰى	مائل ہونا

★ضَرَبْتُ الْخَاتَمَ عَلَى الْفَتَاوٰى ★زَيْدٌ يَضْرِبُ فِي الْبُحَيْرَةِ[۱] ★لَا تَضْرِبْ أَحَدًا ★اَلنَّاسُ يَضْرِبُوْنَ فِي الْأَرْضِ ★نَضْرِبُ الْأَمْثَالَ ★زَيْدٌ يَخْتَلِفُ إِلَيَّ ★الزُّعَمَاءُ يَخْتَلِفُوْنَ فِي هٰذَا الْأَمْرِ ★هُمْ سَلَّمُوْا عَلَيَّ ★سَلَّمْتُ الْكِتَابَ إِلٰى زَيْدٍ ★لِمَ رَغِبْتَ عَنِّي ★وَإِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ★إِنِّيْ أُسَلِّمُ دَلِيْلَ الْمَسْئَلَةِ ★دَفَعْتُ إِلٰى بَكْرٍ أُجْرَتَهُ ★ضَرَبَتِ الْأَغْصَانُ إِلَى الْأَرْضِ ★يَضْرِبُنِي الْبَرْدُ ★دَفَعَ الْعُلَمَاءُ عَنِ الْإِسْلَامِ ★دَفَعَ بَكْرٌ زَيْدًا ★اَلسَّائِلُ دَعَا عَلَى الْبَخِيْلِ ★دَعَوْتُ لِزَيْدٍ ★دَعَانِيْ خَالِدٌ إِلَى الطَّعَامِ ★دَعَا زُبَيْدٌ كَافِرًا إِلَى الْإِسْلَامِ فَأَسْلَمَ ★إِنِّيْ أَدْعُوْ بَكْرًا ★أُدْعُ بِالْمَاءِ أَتَوَضَّأُ........

---

[۱] جھیل

www.dawateislami.net

★يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ ★سَئَلَنِي زَيْدٌ كِتَابًا ★يَتَرَدَّدُ خَالِدٌ إِلٰى عَمْرٍو ★تَرَدَّدْتُ فِي الصَّلَاةِ ★إِنِّيْ أُصَلِّيْ بِالْجَمَاعَةِ ★زَيْدٌ صَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ★زَيْدٌ كَفَّرَ خَالِدًا ★لَا أُصَلِّيْ عَلٰى مُرْتَدٍّ ★كَفَّرَ عَمْرٌو عَنْ يَمِيْنِهِ ★إِنَّ اللّٰهَ يُكَفِّرُ سَيِّئَةَ الْمُؤْمِنِ ★اَلرَّجُلُ الْمُتَدَيِّنُ[1] يَدْفَعُ عَنْ مَذْهَبٍ ★رَبُّ الْمَنْزِلِ هٰهُنَا.

مشق

ترجموا باللغة العربية

✪ میں زید کے پاس آتا جاتا ہوں ✪ تم مرتد کو ہرگز سلام نہ کرنا ✪ خالد نے شرائطِ مناظرہ تسلیم کیا ✪ مجھے اس مسئلے میں اختلاف ہے ✪ میں ہوٹل والے کو روپیہ ادا کروں گا ✪ تم نے مجھے روپیہ سپرد نہ کیا ✪ میں اپنے دین کی حفاظت کروں گا ✪ تم بکر کو یہاں سے ہٹاؤ ✪ زید نے قلم منگوایا ✪ سائل تمہیں دعادے گا ✪ یتیم نے زید کو بدُدعادی ✪ میں نے تم کو بلایا ہے ✪ علماء نے اسلام کی دعوت دی ✪ بکر مولوی خالد سے وضو

[1] دین دار

www.dawateislami.net

کے بارے میں پوچھے گا ✪ عمرو نے مجھ سے فیض الادب مانگی ہے ✪ میں تمہارے پاس بار بار آؤں گا ✪ کیا تمہیں اس مسئلہ میں شک ہے؟ ✪ تم مسجد میں جماعت سے نماز پڑھو ✪ حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر درود پڑھنا سنت ہے ✪ میں اپنے روزے کا کفارہ ادا کروں گا ✪ اللہ تعالی تیری بُرائی مٹادے گا ✪ اس نے بکر کو کافر کہا ✪ ڈاکٹر عبد الحمید نے تمام مریضوں کو بلایا ہے۔

ذیل کے قرآنی جملوں کا ترجمہ اردو میں تحریر کریں

★اَلْخَمْرُ شراب ★اَلْمَیْسِرُ جوا ★اَلاِثْمُ گناہ ★اَلرِّزْقُ روزی ★اَلْاِشْہَادُ گواہ بنانا ★کَانَ ہوا ★اَلسَّیْرُ چلنا، گھومنا ★اَلْعَاقِبَۃُ انجام ★اَلْمُکَذِّبُ جھٹلانے والا ★اَلشَّعَائِرُ نشانیاں

★یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ ★قُلْ فِیْهِمَا اِثْمٌ كَبِیْرٌ ★اِنَّ اللهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ ★لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا ★نَحْنُ نَرْزُقُكَ ★وَیَضْرِبُ اللهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ★فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَیْهِمْ

www.dawateislami.net

أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ★قُلْ سِيْرُوْا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ★إِنَّ اللهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ★إِنَّ

الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ ★إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللهِ

الْإِسْلَامُ ★فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ ★فَإِنَّ اللهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ.

✩ **مدح من يعرف نفسه**: قال أمير المؤمنين علي كرم الله وجهه: لن يهلك امرؤ عرف قدره. وقيل: أجمع كلمة قول الحكيم، أفضل العقل معرفة المرء بنفسه. وقال النبي صلى الله عليه وسلم: من أراد الله به خيراً فقهه في الدين وعرفه عيوب نفسه. (محاضرات الأدباء ،١ / ٣)

✩ **ما يورث النسيان**: قال أمير المؤمنين علي رضي الله عنه: مما يورث النسيان الحجامة في النُّقْرة، والبول في الماء الراكد، وأكل التفاح الحَامِض، وأكل الكُزْبَرَة، وأكل سؤر الفأر، وقراءة ألواح المقابر، والنظر إلى المصلوب، والمشي بين الجملين المقطرين، وإلقاء القملة إلى الأرض. (محاضرات الأدباء ،١ / ١٣)

✩ **الحث على مشاورة الحازم اللبيب**: قال عمر رضي الله عنه: الرجال ثلاثة: رجل ذو عقل ورأي فهو يعمل عليه، ورجل إذا أحزنه أمر أتى ذا الرأي فاستشاره، ورجل حائر بائر لا يأتي رشداً ولا يطيع مرشداً. (محاضرات الأدباء ، ١ / ٧)

www.dawateislami.net

سبق: 7

اسمائے موصولات

اسم موصول: وہ اسم ہے جو ایک جملہ خبریہ کا محتاج ہو۔

صلہ: اس جملہ خبریہ کو کہتے ہیں جس کا تعلق اسم موصول سے ہو جیسے اَلَّذِيْ قَرَأَ صَبِيٌّ یعنی جس نے پڑھا وہ بچہ ہے۔

اس مثال میں اَلَّذِيْ اسم موصول اور قَرَأَ فعل، اس میں ضمیر هُوَ پوشیدہ اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر صلہ ہوا۔

★اَلَّذِيْ ★اَلَّتِيْ ★اَللَّذَانِ ★اَللَّتَانِ ★اَلَّذِيْنَ ★اَلْمَعْرُوْفُ ★اَلْحِبْرُ ★اَلْحَقِيْبَةُ ★اَلزِّيَارَةُ ★اَلْمُنْكَرُ ★اَلسَّبُّ ★اَلطَّيِّبُ ٹھیک

★اَلَّذِيْ خَطَبَ عَالِمٌ ★اَلَّتِيْ قَرَأَتْ وَلِيْدَةٌ ★قَالَ الَّذِيْ هُوَ حِبْرٌ ★رَأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ أَمَرَا بِالْمَعْرُوْفِ ★قَتَلْتُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ★أَزُوْرُ الْحِبْرَ[1] الَّذِيْ يَمْنَعُ النَّاسَ عَنِ الْمُنْكَرِ ★لَقِيْتُ الْمَرْأَتَيْنِ اللَّتَيْنِ أَسْلَمَتَا ★اَلَّتِيْ هِيَ صَالِحَةٌ تَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ ★سَلَّمْتُ

---

[1] عالم، پوپ

www.dawateislami.net

عَلَى الرَّجُلَيْنِ الَّذَيْنِ هُمَا رَاكِبَانِ ★اَلْكِتَابُ الَّذِي هُوَ بِيَدِي

حَسَنٌ ★اَلْفَرَسُ الَّتِي هِيَ عِنْدَكَ جَيِّدَةٌ ★اَلْحَقِيْبَةُ ❶ الَّتِي اشْتَرَيْتُهَا

جَدِيْدَةٌ ★اَلْوَلَدُ الَّذِي يَقْرَأُ عَلَى نَبِيِّهِ ★ضَرَبْتُ مَنْ سَبَّ ❷ زَيْدًا

★اَلْقَلَمُ مَا هُوَ؟ هُوَ مَا يُكْتَبُ بِهِ ★اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُ مِنْ يَدِهِ

★أَمَدَّنِي الثَّرِيَّانِ الَّذَانِ هُمَا سَخِيَّانِ ★يَاأَيُّهَا الْوَلَدُ اُكْتُبْ

بِالْقَلَمِ الَّذِي هُوَ طَوِيْلٌ ★يَا رَبَّنَا اهْدِنَا صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ

عَلَيْهِمْ ★اِقْرَءُوْا بَعْدَ الْأَكْلِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا

وَجَعَلَنَا مِنَ (١) الْمُسْلِمِيْنَ ★اَلَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ

الرَّحْمَةُ ★شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ ★لِمَنْ هٰذِهِ

الدَّرَّاجَةُ؟ ★مَا فَعَلْتَ طَيِّبٌ ★اُكْتُبْ كَمَا عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَةَ

---

(١) (احادیث کی اکثر کتب میں بغیر مِنْ کے ہے)

❶ بیگ، اٹیچی ❷ گالی دی

www.dawateislami.net

★اَلصَّحَابِيُّ مَنْ هُوَ؟ اَلصَّحَابِيُّ[1] مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَلَقِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتُوُفِّيَ مُؤْمِنًا.

مشق

تَرجِموا جمل الآتية بالعربية

✪میں اس کی تعظیم کرتا ہوں جس نے مجھے پڑھایا✪جو شخص بری بات سے روکے وہ نیکوکار ہے✪ جنہوں نے کفر کیا وہ جہنم میں داخل ہوں گے ✪زید اس موٹر میں سوار ہوا جو تیز رفتار ہے ✪جن دو حضرات نے مناظرہ کیا وہ عالم ہیں ✪جو ہینڈبیگ میرے پاس ہے وہ قیمتی ہے ✪میں نے اس کتاب کا مطالعہ کیا جو نئی ہے ✪تم اس سے پڑھو جو ہوشیار ہے ✪سب عورتیں مسلمان ہوگئیں ✪ شیخ قمر الدین بازار سے واپس آئے ✪حاجی احمد نے اس لڑکے کو مدد دی جو یتیم تھا ✪مجھے اس روپے کی ضرورت نہیں جو کھوٹا ہے ✪تمہارے باپ خالد نے مجھ سے ملاقات کی ✪دونوں شخصوں نے کھایا ✪یہ کس کا لڑکا ہے۔

---

(۱) (نزهة النظر شرح نخبة الفكر، صـ ١١١ مفهوماً)

www.dawateislami.net

قرآنی جملوں کا ترجمہ اردو میں لکھیں

★الأَبْرَارُ نیک لوگ ★التَّبْلِيغُ پہنچانا ★الطِّينُ مٹی ★المُخَاطَبَةُ گفتگو کرنا ★الهُدٰى ہدایت ★الإِنْزَالُ اتارنا ★الطَّاغُوتُ شیطان ★الأَوْلِيَاءُ دوستوں ★التَّحْرِيمُ حرمت والا بنانا ★دِيْنُ الحَقِّ سچا دین ★الجَنَّةُ باغ ★النُّزُلُ مہمان خانہ ★الاِتِّقَاءُ ڈرنا ★الوَقُوْدُ ایندھن ★لِمَ کیوں ★الشَّهِيدُ گواہ ★حِسَابٌ گنتی

★وَمَا عِنْدَ اللهِ خَيْرٌ لِّلأَبْرَارِ ★الحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضَ ★هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ★هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً ★يَاأَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ★إِنَّ اللهَ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ★وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللهُ إِلَّا بِالحَقِّ ★وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ★هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُوْلَهُ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الحَقِّ ★إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

www.dawateislami.net

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ★إِنَّ اللّٰهَ

وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ

وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ★وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ

النَّارِ ★فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ★وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ★قُلْ يٰٓأَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ

لَآ أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ★قُلْ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ

اللّٰهِ؟ ★وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ★إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ

اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ★وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

★وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ ★فَقَاتِلُوْا أَوْلِيَاءَ

الشَّيْطٰنِ ★وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ.

☆ **وقوف المرء على عيب نفسه:** قيل لحكيم: ما أصعب الأشياء؟ قال: معرفة الإنسان عيب نفسه، والإمساك عن الكلام في ما لا يعنيه.

(محاضرات الأدباء، ١ / ٣)

www.dawateislami.net

سبق:8

اعداد کا استعمال

عدد: وہ اسم ہے جو شمار کے لئے وضع کیا گیا جیسے أَحَدٌ، اِثْنَانِ، ثَلٰثَةٌ۔

معدود: وہ چیز ہے جو شمار میں آئے جیسے ثَلٰثَةُ کُتُبٍ یعنی تین کتابیں۔اس مثال میں ثَلٰثَةُ عدد اور کُتُبٍ معدود ہے۔یاد رکھو ترکیبِ نحوی میں عدد کو ممیز اور معدود کو تمیز کہتے ہیں۔ جاننا چاہیے کہ معدود جب ایک ہو یا دو، تو اس کے لئے عدد لانا ضروری نہیں بلکہ ایک معدود کو صیغہ واحد سے اور دو کو صیغہ تثنیہ سے ادا کرتے ہیں جیسے رَجُلٌ ایک شخص، رَجُلَانِ دو شخص، لیکن معدود جب تین ہو تو اس کے لئے تین کا عدد بھی ذکر کرنا ہو گا جیسے ثَلٰثَةُ رِجَالٍ یعنی تین شخص۔

ضروری قاعدہ قابلِ حفظ

ثَلٰثَة سے عَشَرَة تک کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ معدود اگر مذکر ہو تو عدد کو مؤنث لانا ہو گا اور اگر معدود مؤنث ہو تو عدد کو مذکر استعمال کرنا ضروری ہے، عربی زبان میں عدد معدود کی ترکیب زیادہ تردو

www.dawateislami.net

طرح پر ہے ایک ترکیبِ اضافی یعنی عدد کو مضاف اور معدود کو مضاف الیہ اور جمع لایا جائے جیسے ثَلٰثَةُ رِجَالٍ اور ثَلَاثُ نِسْوَةٍ.

دوسری ترکیبِ توصیفی یعنی معدود کو موصوف اور جمع ذکر کیا جائے اور عدد کو اس کی صفت بنایا جائے جیسے رِجَالٌ ثَلٰثَةٌ اور نِسْوَةٌ ثَلٰثٌ

خوب یاد رکھو! یہ دونوں ترکیبیں صرف عَشَرَة تک جاری ہوں گی۔

★كَوْكَبٌ ★الدِّيْنَارُ ★الدِّرْهَمُ ★ثَلٰثَةٌ ★أَرْبَعَةٌ ★خَمْسَةٌ ★سِتَّةٌ ★سَبْعَةٌ ★ثَمَانِيَةٌ ★تِسْعَةٌ ★عَشَرَة ★مِائَةٌ ★نَعْجَةٌ ★النَّهْرُ ★الذِّرَاعُ ★الإِعْطَاءُ ★البَنْجَابُ پنجاب

★اِشْتَرَيْتُ ثَلٰثَةَ كُتُبٍ ★زَيْدٌ بَاعَ الْكِتَابَيْنِ ★قَرَأْتُ كِتَابًا ★رَأَيْتُ نِسْوَةً أَرْبَعًا ★لَقِيْتُ سَبْعَةَ رِجَالٍ ★خَمْسَةُ أَنْهَارٍ تَجْرِيْ بِالْبَنْجَابِ ★أَعْطَيْتُ زَيْدًا سِتَّةَ أَقْلَامٍ ★فِي الصَّلَاةِ أَرْكَانٌ سَبْعَةٌ ★ضِعْفُ الْأَرْبَعَةِ ثَمَانِيَةٌ ★عِنْدِيْ تِسْعُ طَيَّارَاتٍ ★كَتَبَ زَيْدٌ بِعَشَرَةِ أَقْلَامٍ ★قَالَ الشَّيْخُ عَبْدُ الْقَاهِرِ الْجُرْجَانِيُّ فِي النَّحْوِ

www.dawateislami.net

مِائَةُ عَامِلٍ ★فِي غُلُسْتَانَ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ ★جَاءَتْ نَعْجَتَانِ ❶ إِلَى الْقَرْيَةِ ★أَعْطِنَا أَرْبَعَةَ دَرَاهِمَ ★إِنِّي أَرٰى تِسْعَةَ كَوَاكِبَ ★جَاءَتْنِي عَشَرَةُ رِجَالٍ ★اِشْتَرٰى زَيْدٌ ثَلٰثَةَ أَذْرُعٍ ❷ مِنَ الثَّوْبِ بِدِينَارَيْنِ ★بِعْتُ الْكُتُبَ بِأَرْبَعِ رُوْبِيَاتٍ ★اِشْتِرَاكُ الْمَجَلَّةِ خَمْسُ رُوْبِيَاتٍ ★عِنْدِيْ مِائَةُ فَلْسٍ ❸ ★اِشْتَرَيْتُ قَلَمَ الْحِبْرِ بِرُوْبِيَاتٍ عَشَرَ وَسِتَّةِ أَفْلُسٍ ★وَصَلَتْنِي كُرَّاسَاتٌ ثَلٰثٌ ★زَيْدٌ تَابَ الْيَوْمَ مِائَةَ مَرَّةٍ ★أَيْنَ فَقَدْتَ رُوْبِيَتَكَ؟ ★مَا دَعَانِي زَيْدٌ لٰكِنْ أَذْهَبُ إِلَيْهِ ★ مَا وَجَدْتُهُ قَلَمٌ.

مشق
عربی میں ترجمہ کریں

✪رسالے کا چندہ سات روپیہ ہے ✪آج چار ہوائی جہاز مدینہ منورہ روانہ ہوئے ✪زید تمہارے پاس چھ دن میں پہنچے گا ✪پانچ عورتیں بمبئی گئیں

---

❶ دو جنگلی گائیں ❷ گز ❸ سکہ، روپیہ

www.dawateislami.net

✪ کنوئیں کی لمبائی نو گز ہے ✪ تم دس مرتبہ سورہ بقرہ پڑھو ✪ اس سورت میں سات آیات ہیں ✪ آج ڈاکٹر عبد الرشید جائیں گے ✪ زید کا فونٹین پن گم ہوگیا ✪ میں نے تمہارا پورا خط پڑھا ہے ✪ یہ کتاب پانچ صفحے پر مشتمل ہے ✪ تیرا بھائی عمرو کند ذہن ہے ✪ میرے چچا خالد کے پاس تین قلم ہیں ✪ میں نے خالد کو تین پارہ قرآن پڑھایا ✪ خود میرے والد بکر کو سزادیں گے ✪ حاجی ابو بکر نمازی ہیں ✪ پورے مدرسہ میں کوئی لڑکا نہیں۔

مختلف جملوں کی مشق

★الوَرْدُ ★البُكَاءُ ★المِصْبَاحُ ★الإِيْقَادُ ★الحَطَبُ ★الفَحْمُ

★القَرِيْنَةُ ★التَّطْرِيْزُ ★غَنْغا (١) ★البَسْمَلَةُ ★النِّشَاطُ ★دَنَسٌ

★جمونا

★يَاأَيُّهَا الْوَلَدُ قَدْ جَاءَ الْمَسَاءُ ★أَوْقِدِ الْقِنْدِيْلَ بِالْكِبْرِيْتِ

★ثُمَّ احْفَظْ دُرُوْسَكَ ★مَنْ يَبْكِيْ فِي الدَّارِ؟ ★لَوْنُ الْوَرْدِ

(١) (گنگا کا معرب ہے اسی طرح جمونا جمنا کا)

www.dawateislami.net

ضَارِبٌ إِلَى الْحُمْرَةِ ★وَقُوْدُ الْمَوْقِدِ ❶ حَطَبٌ ❷ وَفَحْمٌ ❸ ★اَلْكَلْبُ يَشْرَبُ مَاءً جَمُوْنَا ★مَنْ جَاءَ وَفَتَحَ الْبَابَ ★هٰذَا النَّجَّارُ مُجَرِّبُ الْأُمُوْرِ ★اَلرَّجُلُ الْكَرِيْمُ يَتْلُو الْقُرْاٰنَ ★اِبْنُ أَخِيْ طَبِيْبٌ ★مَنْ وَاقِفٌ بِالْبَابِ؟ ★سَمِعْتُ الْمَرْأَةَ الْبَيْضَاءَ ★اُنْصُرُوا الْمَظْلُوْمَ ★يٰأَيُّهَا الطُّلَّابُ طَالِعُوا الْكُتُبَ فَإِنَّهَا نَافِعَةٌ لَكُمْ ★زَيْدٌ قَالَ لِي سَائِقًا ★قَرِيْنَةٌ فَضْلِ الرَّحْمٰنِ جَاءَتْ مِنْ بَنَارَس ★أَنْتَ مِنَ الْقُرَّاءِ ★بَرَأْتُ مِنْ مَرَضٍ شَدِيْدٍ ★اَلْوَلَدُ الْفَطِيْنُ يَطْلُبُ الْعِلْمَ بِالنَّشَاطِ ❹ ★أُخْتُ زَيْدٍ تُطَرِّزُ ❺ فِي الْمِنْدِيْلِ ★خَالِيْ عَمْرٌو يَأْتِيْ وَيَذْهَبُ ★مَاءٌ غَنْغَا لَيْسَ بِصَافٍ ★مَنْ فَقَدَ رِدَائِيْ؟ ★هٰذَا الْإِزَارُ دَنَسٌ ★اَلْعُيُوْنُ تَبْكِيْ ★رَسُوْلُنَا صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِه وَسَلَّمَ عَالِمٌ بِمَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ ★مَلَأَ اللهُ قُبُوْرَهُمْ نَارًا ★قَدَّمْتُ

---

❶ چولہے کا ایندھن ❷ لکڑیاں ❸ کوئلہ ❹ پھرتی، بشاشت ❺ کڑھائی کرتی ہے

www.dawateislami.net

اَلتَّسْلِيْمُ عَلَيْكَ ★اَيُّهَا الْمُتَعَلِّمُ ! بَسْمِلْ[1] فَاقْرَأْ ★اَلسُّوْقُ قَائِمَةٌ ★اَكْرِمْ خَالِدًا كَمَا اَكْرَمَكَ.

تنبیه

قَـدْ فعل ماضی پر داخل ہو کر اس کو ماضی قریب بنادیتا ہے جیسے قَدْ قَرَأَ زَيْدٌ یعنی زید نے پڑھا ہے۔اور کبھی ماضی میں زور پیدا کرنے کے لئے آتا ہے جیسے قَدْ ضَرَبَ خَالِدٌ یعنی خالد نے مار دیا،اور جیسے قَدْ كَتَبْتُ یعنی میں لکھ چکا، جَاءَ زَيْدٌ کا ترجمہ زید آیااور قَدْ جَاءَ زَيْدٌ کا ترجمہ زید آگیا، کیا جائے گا۔

مشق

عربوا الأردية

✪زید کا چہرہ مائل بہ سرخی ہے ✪دوزخ کا ایندھن پتھر ہے ✪لوگوں نے دیاسلائی سے لالٹین جلائی ✪بیگم عبد الرحمٰن بیل بوٹے نکالتی ہے ✪گھوڑے کی لگام میلی ہے ✪تم کیوں روتے ہو؟ ✪خالد دلچسپی سے

---

[1] بسم اللہ شریف پڑھیے

www.dawateislami.net

مطالعہ کرتا ہے ✪ چولہے میں لکڑی بھرو ✪ تم اپنے بھائی زید کی مدد کرو ✪ اے شخص! بسم اللہ کرکے پانی پینا ✪ زید نے تیرا پڑھنا سن لیا ✪ جس شخص نے تیری مدد کی میرا بھائی ہے ✪ میرے ماموں خالد بکر کی حفاظت کرتے ہیں ✪ زید کو ذرا بھی شرم نہیں ✪ میں نے لڑکوں کو کھیلتے ہوئے پایا ✪ تمہارا خط میں خود پڑھوں گا ✪ جو طالب علم میرے پاس پڑھتا ہے وہ کند ذہن ہے ✪ آگ بجھا کر جانا ✪ جو قلم تم نے بیچا ہے وہ خراب ہے ✪ دریائے جمنا الہ آباد سے قریب ہے ✪ بازار کب لگے گا؟ ✪ زید نے پہلے سلام کیا۔

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ لکھیں

★الاِلْتِزَامُ ★السَّائِحُ ★البَسَاطَةُ ★الاِبِلُ ★السُّنَّةُ ★العَيْشُ الإِفْرِنْجِيُّ ★النَّظْرُ فِيْ غور کرنا ★النَّظْرُ دیکھنا ★الأَخْذُ فِيْ شروع کرنا ★مَا زَالَ يُسَافِرُ سفر کرتا رہا ★التَّحْصِيْلُ حاصل کرنا

★اللهُ الَّذِيْ لَاتَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَانَوْمٌ ★وَلَدُكَ عَمْرٌو لَيْسَ بِبَلِيْدٍ [1]

[1] کند ذھن، کم عقل

www.dawateislami.net

★يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَ الْأَرْضِ ★لَا أَزَالُ أَحْصُلُ عِلْمَ الدِّيْنِ ★مَا زَالَ زَيْدٌ يُسَافِرُ إِلٰى بَغْدَادَ الشَّرِيْفَةِ بِالسَّيَّارَةِ ★إِنِّي أَخَذْتُ فِي الصَّلَاةِ ★لَا تَتَمَكَّنُ مِنَ الظُّلْمِ عَلَيَّ ★أُنْظُرْ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ★نَظَرْتُ فِيْ أَمْرِكَ ★زَيْدٌ يُحْسِنُ الْكِتَابَةَ ★اُذْكُرُوا اللهَ بِاللِّسَانِ وَالْجَنَانِ ★لَا اٰكُلُ عَيْشًا افْرِنْجِيًّا❶ ★سِنُّكَ بَيْضَاءُ ★بَكْرٌ يَلْتَزِمُ الْبَسَاطَةَ❷ ★هٰذَا الْقِرْطَاسُ سَاذَجٌ❸ ★اَلْأَنْبِيَاءُ أَحْيَاءٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ❹ ★اَلدُّعَاءُ مُخٌّ لِلْعِبَادَةِ ★تَوَضَّؤُوْا بِالْمَاءِ الطَّاهِرِ ★إِنِّيْ أُوَضِّأُ شَيْخِيْ ★لَيْسَ فِي السَّمَاءِ سَحَابٌ ★أَضْحَكَنِيْ زَيْدٌ مَرَّةً غَيْرَ مَرَّةٍ ★طَلَعَتِ الشَّمْسُ مُشْرِقَةً ★اِسْمَعْ يَا أَخِيْ لَا تَعْصِ اللهَ تَعَالٰى وَرَسُوْلَهُ صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ★مِنْ أَيْنَ جَاءَ الْغَزَالُ؟ ★اَلْأَسَدُ يَزْأَرُ❺ ★مَرِضَ زَيْدٌ وَيَئِسْتُ مِنْ حَيَاتِهٖ ★قَتَلَ زَيْدٌ...

---

❶ ڈبل روٹی ❷ فراخ دست ہونا ❸ سادہ ❹ مسند أبي يعلى، الحديث: ٣٤١٢، ٣/٢١٦ ❺ گرجتا ہے

www.dawateislami.net

أَفْيَالاً[۱] ثَلَاثَةً بِالْمُسَدَّسِ ★حَدِيْثُ الضَّيْفِ حُلْوٌ ★صَوْتُكَ أَرْعَدُ[۲] ★اَلطَّلَبَةُ يَنْتَظِرُوْنَ أُسْتَاذَهُمْ فِي الْمَدْرَسَةِ ★جَاءَ كِتَابُكَ الْكَرِيْمُ ★اِقْرَأْ مَا أَتَى مِنَ الْجَرِيْدَةِ[۳] ★مَا اشْتَرَيْتَ مِنَ الْخَاتَمِ عِنْدِيْ؟ ★أَتْلُ مَا أُوْحِيَ إِلَى نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْكِتَابِ ★زَيْدٌ يَتَّبِعُ السُّنَّةَ ★اَلسِّرَاجُ يَتَّقِدُ ★أَصِلُ إِلَى الْمَحَطَّةِ عِنْدَ الصَّبَاحِ ★فِيْ أَيِّ صَفٍّ تَدْرُسُ ★لَعَلَّكَ تَفْهَمُ كَلَامِيْ ★كَرِيْمًا أَلَّفَهُ الشَّيْخُ السَّعْدِيْ رحمه اللّٰه تعالى ★يَا سِيَادَةَ الْغَوْثِ الْأَعْظَمِ الْجِيْلَانِيْ أُنْظُرْنَا.

مشق

عربوا هذه الجمل الأردية

✪زید نے تم سے کئی بار کہا✪ میرا پستول گرجدار ہے✪ سادہ کپڑا سستا

---

۱ بہت سارے ہاتھی ۲ گرج دار ۳ رسالہ

www.dawateislami.net

ہے ✪ ہمارے استاذ پیر و سنت ہیں ✪ لوگ اپنے پیر کی تعظیم کرتے ہیں ✪ ہم زید کو وضو کرائیں گے ✪ مجھے جناب کا گرامی نامہ ملا ✪ میری لالٹین صبح تک جلتی رہی ✪ شاید تم لکھ نہیں سکتے ✪ میں شام تک لکھتا رہوں گا ✪ جو رسالہ تمہارے پاس آیا مجھے دو ✪ زید شریف نہیں ہے ✪ تم سادگی اختیار کرو ✪ میں نے جو چراغ جلایا وہ نیا ہے ✪ آپ لوگ ڈبل روٹی نہیں کھاتے ہیں ✪ تم نے جتنی کتابیں پڑھیں انہیں سناؤ ✪ تمام طلبہ اچھا پڑھتے ہیں ✪ میں درجہ اول میں پڑھتا ہوں ✪ تم زید کے بارے میں غور کرو ✪ پہلے پڑھو پھر لکھنا۔

اردو میں ترجمہ کریں

اپنی کاپیوں میں مندرجہ ذیل عبارتوں کا بامحاورہ اردو میں ترجمہ لکھیں نیز انہیں اعراب سے مزین کریں۔

★یَاأَیُّهَا الْمُتَعَلِّمُ احْفَظْ فِي الْبَيْتِ مَا قَرَأْتَ مِنَ الدَّرْسِ فِي الْمَدْرَسَةِ ★وَإِذَا أَتَيْتَ الْمَدْرَسَةَ فَقَدِّمِ التَّسْلِيْمَ عَلَى أُسْتَاذِكَ ★ثُمَّ اذْهَبْ إِلَى صَفِّكَ وَانْهَمِكْ فِي الدَّرَاسَةِ وَالْكِتَابَةِ ★اَلنَّاسُ يُسَافِرُوْنَ

مجلس: "المدینة العلمیة" (دعوتِ اسلامی)
www.dawateislami.net

إِلٰى كَلْكَتَه كُلَّ يَوْمٍ ★اَلطَّلَبَةُ يُوْقِدُوْنَ الْمَصَابِيْحَ بِالْكِبْرِيْتِ ★إِنِّي أُحْسِنُ الْكِتَابَةِ ★أَخَذْتُ فِي الْكِتَابَةِ ★إِنَّكَ أَعْنَتَ الْيَتِيْمَ ★لَيْسَ الْمَاءُ فِي الْبِيْرِ ★فَكَيْفَ أَتَوَضَّأُ؟ ★مَا زِلْتُ أَكْتُبُ فِي الْكُرَّاسَةِ ★مَاءُ نَهْرِ جَمُوْنَا يَجْرِي مِنَ الْغَرْبِ إِلَى الشَّرْقِ ★إِنِّي رَأَيْتُ ثَلَاثَ طَيَّارَاتٍ مِنْ بَعِيْدٍ ★وَلَدِيْ مَحْمُوْدٌ يَدْرُسُ وَيَكْتُبُ ★زَيْدٌ نَصَرَ أَخَاكَ مُحَمَّداً ★كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ لَا مَالَ لَهُمْ.

بقیہ اعداد کے استعمال کا طریقہ

عربی زبان میں گیارہ سے ننانوے تک دہائیاں چھوڑ کر باقی گنتیاں دو جز سے مرکب ہوتی ہیں جیسے أَحَدَ عَشَرَ، اِثْنَا عَشَرَ وغیرہ۔ خوب یاد رکھو کہ گیارہ سے ننانوے تک کا معدود ہمیشہ واحد اور منصوب رہے گا خواہ گنتی اکائی اور دہائی سے ملکر ہو یا صرف دہائی ہو۔

اعداد کے چند قوانین ضروریہ

1- گیارہ اور بارہ کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ معدود اگر مذکر ہو تو عدد کے دونوں جزوں کو مذکر لایا جائے جیسے أَحَدَ عَشَرَ رَجُلاً، اِثْنَا عَشَرَ

www.dawateislami.net

رَجُلاً اور اگر معدود مؤنث ہو تو عدد کے دونوں جزوں کو مؤنث لاؤ جیسے اِحْدٰی عَشْرَةَ اِمْرَأَةً. اثْنَتَا عَشْرَةَ اِمْرَأَةً۔

2- تیرہ سے انیس تک استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ معدود اگر مذکر ہو تو عدد کا پہلا جز مؤنث اور دوسرا جز مذکر لائیں جیسے «ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا» اور اگر معدود مؤنث ہو تو عدد کا پہلا جز مذکر اور دوسرا جز مؤنث لائیں جیسے «ثَلَاثَ عَشْرَةَ امْرَأَةً»۔

3- دہائیاں یعنی «عِشْرُوْنَ، ثَلَاثُوْنَ، أَرْبَعُوْنَ، خَمْسُوْنَ، سِتُّوْنَ، سَبْعُوْنَ، ثَمَانُوْنَ، تِسْعُوْنَ» کا استعمال معدود کے مذکر، مؤنث ہونے کی صورت میں یکساں ہے خواہ ان دہائیوں کا استعمال تنہا ہو یا اکائیوں کے ساتھ جیسے «عِشْرُوْنَ رَجُلاً»، «عِشْرُوْنَ امْرَأَةً»۔

4- اکیس اور بائیس اور اسی طرح «ثَلَاثُوْنَ» وغیرہ دہائیوں کے بعد ہر پہلی اور دوسری گنتی کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ اگر معدود مذکر ہو تو پہلا جز مذکر لاؤ جیسے «أَحَدٌ وَعِشْرُوْنَ رَجُلًا»، «اثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ رَجُلًا» اور جیسے «أَحَدٌ وَتِسْعُوْنَ رَجُلًا»،

www.dawateislami.net

«اثْنَانِ وَتِسْعُوْنَ رَجُلًا»، اور معدود اگر مؤنث ہو تو پہلا جز مؤنث لاؤ جیسے «إِحْدى وَعِشْرُوْنَ امْرَأَةً»، «اثْنَتَانِ وَعِشْرُوْنَ امْرَأَةً» اور جیسے «إِحْدى وسِتُّوْنَ امْرَأَةً»، «اثْنَتَانِ وسِتُّوْنَ امْرَأَةً»۔

5- تیئس سے ننانوے تک (۲۱، ۲۲، ۳۱، ۳۲، ۴۱، ۴۲ کے علاوہ) استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ معدود اگر مذکر ہو تو عدد کا پہلا جز مؤنث لاؤ جیسے «ثَلاثَةٌ وَعِشْرُوْنَ رَجُلًا»، اور معدود اگر مؤنث ہو تو عدد کا پہلا جز مذکر لاؤ جیسے «ثَلاثٌ وَعِشْرُوْنَ امْرَأَةً».

6- جب اجتماعی طور سے اکائی، دہائی، سیکڑا، ہزار استعمال کرنا چاہو تو پہلے اکائی پھر دھائی بعدہ سیکڑا پھر ہزار کی عربی لاؤ جیسے پانچ ہزار چار سو چوبیس کا ترجمہ «أَرْبَعَةٌ وَعِشْرُوْنَ وَأَرْبَعُ مِائَةٍ وَخَمْسَةُ آلافٍ[1]» کیا جائے گا۔

التنبيه

اعداد ترتیبی کے لئے عدد کو فاعل کے وزن پر لایا جائے جیسے

---

(۱) (اور یوں بھی درست ہے کہ پہلے ہزار پھر سیکڑا پھر اکائی بعدہ دہائی کی عربی لائی جائے جیسا کہ هداية النحو میں بتایا ہے ۱۲)

www.dawateislami.net

«الجزء الثالثُ» تیسرا پارہ «البابُ الرابعُ» چوتھا باب «الشهرُ العاشرُ» دسواں مہینہ اور کوئی عدد جب مرکب ہو تو صرف پہلا جز فاعل کے وزن پر لائیں۔ جیسے «البابُ الحادي عَشَرَ، عِشْرُوْنَ» وغیرہ دہائیاں ترتیب اور غیر ترتیب میں یکساں استعمال ہوں گی۔

★السِّكَّةُ الحَدِيدَةُ ★اليابانُ (جاپان) ★الأُسْطُولُ ★القِطارُ ★العَصَا ★العَيْنُ ★الأُسْبُوعُ ★الإقامَةُ ★الانْفِجارُ ★الدَّقِيقَةُ ★السَّاعَةُ المُسْتَقِيمَةُ

★ابْنا زَيدٍ كِلاهُما ذَهَبا ★لِزَيدٍ ثَلاثَةُ أَبْناءٍ ★خَمسٌ وَّعِشْرُوْنَ بَقَرَةً مَوجودةٌ ★للهِ تِسْعَةٌ وتِسْعُوْنَ اسماً ★قُتِلَ فِي بَدرٍ سَبْعُوْنَ كَافِراً ★يَسِيرُ كلَّ يَوْمٍ ثَمانُوْنَ قِطاراً عَلَى هذه السِّكَّةِ الحَدِيدةِ[1] ★الدَّوْلَةُ الإسلامِيّةُ ★أَرْسَلَتْ خَمْسِيْنَ أُسْطُوْلًا[2] ★في جَيبِي إحْدى وسَبْعُوْنَ رُوْبِيَةً ★زَيدٌ ذَهَبَ . .

---

[1] ریلوے لائن [2] جہازوں کا بیڑا

www.dawateislami.net

إلى لكنؤ ★وأقامَ هُنالِكَ أُسْبُوعاً❶ ★واشْتَرى عِشْرِيْنَ ساعَةً

بأربَعٍ وعِشْرِيْنَ رُوْبِيَةً وأَلْفٍ ★هَزَمْتُ❷ أرْبعِينَ راكِباً

★الدَّولةُ اليابانِيَّةُ تَشْتَرِي سِتَّةَ[1] عَشْرَةَ طيّارةً ★سَيِّدُنا يُوسُفُ

عَلَيْه الصَّلاةُ وَالسَّلامُ قَدْ رَأى في المَنامِ الشَّمْسَ والقَمَرَ وأحَدَ

عَشَرَ كَوكَباً ساجِدِينَ لَهُ ★يا وَلَدُ! قُلْتُ لَكَ عِشْرِيْنَ مَرَّةً

★رِسالَتِي تَشْتَمِلُ عَلٰى خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ صَفْحَةً ★إنَّ مُوسى

عَلَيهِ الصَّلاةُ والسَّلامُ قَدْ ضَرَبَ بِعَصاه الحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ

اثْنَتا عَشْرَةَ عَيْناً ★الاشْتِراكُ السَّنوِيُّ❸ للجَرِيدَةِ❹ سِتٌّ

وثَلاثُوْنَ رُوبيةً ★وُلِدَ زيدٌ في الرّابِعَ عَشَرَ مِنَ الرَّبِيعِ الأَوَّلِ

★تُفْتَحُ مَدْرَسَتِي كُلَّ عامٍ في الخَامِسَ عَشَرَ مِنْ شَوَّالٍ ★سُوْرَةُ

الفَاتِحَةِ مَكِيَّةٌ ★وَفِيْهَا سَبْعُ اٰياتٍ ★إنِّي قَدْ حَفِظْتُ ثَلاثِيْنَ....

---

(۱) (ظاہر یہ ہے کہ یہاں اکائی بغیر تاء کے ہو) ❶ سات دن، ایک ہفتہ ❷ میں نے شکست دی ❸ سالانہ فیس ❹ رسالہ

www.dawateislami.net

سُوْرَةً مِنَ الْقُرْاٰنِ ★زَيْدٌ يَأْتِي إِلَيْكَ على السَّاعَةِ السَّابِعَةِ مِنَ الصَّباحِ ★وَصَلْتُ المَحَطَّةَ عَلَى السّاعَةِ الخَامِسَةِ مِنَ المَساءِ ★مَتٰى يَجِيءُ القِطَارُ اليومَ ؟ ★يَجِيءُ عَلَى الدَّقِيقَةِ الرّابِعَةِ والعِشْرِيْنَ فَوْقَ السَّاعَةِ التّاسِعَةِ ★رَاتِبُ مَوْلَانا الْحسنى خَمْسٌ وَّتِسْعُوْنَ رُوْبِيَةً ★وَلَدِي جَاءَ عَلَى السَّاعَةِ العَاشِرَةِ الْمُسْتَقِيمَةِ ★سَبْعَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مِنَ الصَّلَاةِ مَفْرُوْضَةٌ كُلَّ يَوْمٍ .

فائدہ: «سَاعَةٌ» کا لفظ جب «بجے» کے معنی میں استعمال ہو اور اس کے ساتھ عدد بھی لانا چاہو تو عدد ترتیبی ذکر کرنا ہوگا جیسے «السَّاعَةُ الرّابِعَةُ» یعنی «چار بجے» اور جب «گھنٹہ اور وقت» کے معنی میں استعمال کیا جائے اور عدد کی ضرورت ہو تو عدد ذاتی لانا ہوگا جیسے «سَاعَاتٌ أَرْبَعٌ» یعنی «چار گھنٹہ»۔

مشق

تَرجِمُوا بالعَرَبِيّةِ

www.dawateislami.net

✪ اسلامی حکومت نے اسی علماء طلب کئے ✪ اس ریلوے لائن پر کوئی ٹرین نہیں چلتی ✪ کیا تم پندرہ روپے میں گھڑی خریدو گے؟ ✪ پچیس بیڑے حکومت جاپان تک پہنچے ✪ میرے پاس اڑتالیس گھوڑے ہیں ✪ میں اپنا سبق آٹھ بجے صبح سے پڑھوں گا ✪ بکر بیس رمضان کو پیدا ہوا ✪ تم میرے پاس نو بجے آؤ ✪ اس سورۃ میں کتنی آیتیں ہیں؟ ✪ سورۂ فجر میں تیس آیات ہیں ✪ ٹرین ٹھیک نو بجے بمبئی پہنچی ✪ میں چار بج کر بیس منٹ پر اسٹیشن گیا ✪ زید کا خط چودہ صفحے کا ہے ✪ آج خلیل آباد میں بازار لگے گا ✪ میرا بھائی درجہ چہارم میں پڑھتا ہے ✪ میں کروں گا جیسا آپ فرمائیں گے۔

مشقی جملے

★الإِرَادَةُ ★الإِقَامَةُ ★الإِقَالَةُ ★الاسْتِطَاعَةُ ★الإِطَاعَةُ
★الإِهَانَةُ ★الإِضَاعَةُ ★الإِعَادَةُ ★المُقَاطَعَةُ ★السَّلَّةُ ★التَّهَيُّأُ
★الاحْتِفَالُ ★أَنْ (یہ کہ) ★الكَلْبُ ★التَّأْدِيَةُ ★حَتَّى
★الدَّلَالَةُ عَلَى (بتانا) ★الوَقْفُ (چلتے ہوئے کھڑا ہو جانا) ★الوُقُوْفُ

www.dawateislami.net

علی (آگاہ ہونا) ★المُشَاجَرَةُ (اختلاف) ★المُحَارَبَةُ (جنگ) ★البَحْثُ (کرید کرنا) ★الطَّعْنُ (برا بھلا کہنا) ★الرَّاكِعُونَ إلی (جھکنا) ★شِبْهُ الرَّوَافِضِ (رافضی نما) ★التَّصَلُّبُ (پکا رہنا، عقیدہ میں سخت ہونا) ★الاعْتِصَامُ (مضبوطی سے تھامنا) ★الذَّيْلُ (دامن) جمع «أذْيَالٌ»

★﴿إنَّ اللهَ لا يُضِيعُ أَجْرَ المُحْسِنِينَ﴾ ★أهْلُ البِدَعِ كِلابُ أهْلِ النَّارِ ★لا تَذْهَبْ إلى هُنَاكَ ★إنِّي وَقَفْتُ على المَولوي خَالِد ★لا تُسَلِّمُوا على أهْلِ البِدْعَةِ ★لا تُجَالِسُوهُم ★لا تُصَلُّوا مَعَهُم ★لا تُصَلُّوا عَلَيهِم ★النَّاسُ وَقَفُوْا أمَامَ البَوَّابَةِ ★﴿مَنْ يُّطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أطَاعَ اللهَ﴾ ★﴿يُرِيدُ اللهُ بِكُمُ اليُسْرَ﴾ ★﴿وَلا يُرِيدُ بِكُمُ العُسْرَ﴾ ★إنِّي أرَدْتُّ أنْ أُسَافِرَ لكِنِّي مَنَعَنِي أبِيْ ★يُرِيدُ زَيْدٌ أنْ يُدَرِّسَ خَالِداً ★أرِيدُ

www.dawateislami.net

أنْ أصلّي السَّاعةَ ★مَن أَعْطى زَيدٌ كتابَه بَعدَ القِراءَةِ؟ ★هَلْ تَستَطِيعُ أنْ تُقِيلَ زيداً؟ ★قَاطِعِ الّذِين أهَانُوا في شَأْنِ الأَنبِيَاءِ عَلَيهِمُ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ ★شاوَرتُ زيدا فأشارَنِي على الخِطابَة ★أَذِنتُ لَكَ بِالأَكْلِ هٰهُنَا ★لِمَ سَقَطَ وَلَدُكَ فِي الامْتِحانِ؟ ★لَعَلَّه مَا اجْتَهَدَ ★زَيدٌ دَلَّنِي عَلى أنَّ أخِي قَدْ جَازَ الامْتِحانَ ★بِكَمْ اشْتَرَيتَ هذه السِّلالَ؟ ★دُلَّنِي عَلى اسْمِكَ الكَرِيمِ ★لاتَذْهَبْ إلى مَكَانٍ مَّا حَتّٰى أرْجِعَ ★نِصابُ السِّكِّينِ❶ نَفِيسٌ ★سَلَّتُكَ قَدْ صَارَتْ عَتِيقَةً❷ ★تَهَيَّأُوا لِلذَّهَابِ إلى أجْمِير الشَّرِيفَةِ ★يَنعَقِدُ الاحْتِفَالُ السَّنَوِيّ غداً فِي السُّوقِ ★﴿يٰأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا تُوْبُوْا إلى الله﴾ ★مَتٰى تَقُومُ السُّوقُ؟ ★ إنَّ الله تَابَ عَلَى المُؤمِنِ ★أنّى السَّاعَة أُعِيدُ الصَّلَاةَ؟

---

❶ چھری کا دستہ ❷ پرانا

www.dawateislami.net

★زَيدٌ أَدّى صَلَاةَ العَصْرِ ★يا أيُّها النَّاسُ أقِيمُوا الصَّلَاةَ ★أَيْنَ كُنتَ؟ ★كُنتُ عِندَ مولانا أَبِي الحَسَنِ ★اعْلَمُوا أنَّ عَدَدَ[1] أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرُ مِنْ مِائَةِ أَلفٍ وَأَرْبَعَةٍ وعِشْرِينَ أَلْفاً (١٢٤٠٠٠) وكُلُّهُم أَخْيَارٌ غَيرُ فَاسِقِينَ ★ولاتَبْحَثُوا عَمَّا وَقَعَ فِيمَا بَينَهُم مِنَ المُشاجَراتِ ❶ والمُحارَبَاتِ ★ولاتَطْعَنُوا عَلَى أَحَدٍ مِنهُم ★فَإِنَّه حَرَامٌ عَلَيْكُم ★ولاتَسْمَعُوا إلى أقْوالِ المُصَنِّفِينَ أُولِي الأَسَاطِيرِ ★ومِن عَقَائِدِ أَهْلِ السُّنَّةِ أنَّ الصَّحابةَ لايُذْكَرُونَ إلاّ بِخَيرٍ ★ومَن أَبْغَضَ أَحَدًا مِنهُم أَوْ سَبَّ فَهُو مِنَ الرَّوَافِضِ أوِ النَّواصِبِ وليسَ بِسُنِّيٍ وإنْ اعْتَقَدَ خِلافَةَ الصِّدِّيقِ الأَكْبَرِ والفارُوقِ الأعظَمِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنهُما حَقًّا ★ولاتَرْكَنُوا إلى النَّوَاصِبِ فَإِنَّهُم يَبْغَضُونَ سَيِّدَنَا أَمِيرَ المُؤمِنِينَ المَولَى عَلِيّاً والإِمَامَ

---

(١) (ملفوظات اعلیٰ حضرت حصہ سوم ص٥٨)

❶ ایک دوسرے کے ساتھ جھگڑنا

www.dawateislami.net

الحَسَنَ والإمامَ الحُسَينَ رَضِي اللّٰه تَعالى عَنهُم ★ولاتَمِيلُوا إلى

الرَّوافِضِ وشِبْهِ الرَّوافِضِ ★فإنَّهُم يَسُبُّونَ الخُلَفاءَ الثّلاثَةَ

أَعْنِي الشَّيْخَيْنِ(۱) وذَا النُّورَينِ(۲) وسيّدَنا أبا سُفيانَ وسيّدَنا

عَمْرَو بْنَ العَاصِ وَسَيِّدَنَا أمِيرَ المُؤمِنِينَ مُعاوِيَةَ وأمَّه الكَرِيمَةَ

هِنْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالى عَنهُم وعَنهُما ★يا أبْناءَ أهْلِ السُّنَّةِ

اعْتَصِمُوا بأذْيَالِ❶ أهْلِ البَيتِ والصَّحَابَةِ ★صِيرُوا مُتَصَلِّبِينَ❷

بِالسُّنّية فَإنَّ هذا الزَّمانَ فِيهِ ظُلُمتٌ فَوقَ ظُلُمتٍ

فَتَنَبَّهُوا.

تنبیہ

جب «ابھی» کا لفظ فعل مضارع کے ساتھ آئے تو اس کی عربی «السَّاعَةُ» آئے گی جس کو فعل پر مقدم کرنا ہوگا اور اگر فعل ماضی کے ساتھ آئے تو اس کی عربی «آنفا» ہوگی جس کو فعل سے مؤخر استعمال کیا

(۱) (سیدنا صدیق اکبر وسیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہما ۱۲)

(۲) (سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ) ❶ دامن ❷ مضبوط ہونا

www.dawateislami.net

جائے گا جیسے «میں ابھی پڑھوں گا» اس کا ترجمہ «السَّاعَةَ أَقْـرَأُ» کیا جائے گا اور جیسے «میں نے ابھی پڑھا» کا ترجمہ «قَرَأْتُ اٰنِفًا» ہو گا۔

مشق

تَرْجِمُوا بِالْعَرَبِيَّةِ

✪ بد مذہب کی تعظیم حرام ہے ✪ چاہتا ہوں میں یہ کہ برخاست کروں زید کو ✪ شاید آپ سالانہ امتحان میں پاس ہو گئے ✪ لوگوں نے گستاخان رسول کا بائیکاٹ کر دیا ✪ تمہارے پاس میں دوبارہ لکھوں گا ✪ یہ بوڑھا روزہ نہ رکھ پائے گا ✪ زید مناظرہ کے لئے تیار ہے ✪ بکر کا لڑکا کیسے امتحان میں فیل ہو گیا ✪ لیڈر حضرات[1] چائے پینا چاہتے ہیں ✪ جناب کا اسم گرامی مجھے زید نے بتایا ✪ مسلمانو! اپنا روزہ برباد نہ کرو ✪ کل بازار لگے گا وہیں جھالی خرید لینا ✪ طبیب نے مجھے روزہ رکھنے کا مشورہ دیا ✪ زید نے چاہا کہ مجھے سلام کرے لیکن میں وہاں نہ رکا ✪ تم یہیں رکو کہیں جانا مت! ✪ میں ابھی آتا ہوں ✪ لوگ زید سے آگاہ نہیں ہیں ✪ جب تک میں کھانا کھاؤں تم اپنا سبق یاد کرو ✪ زید غریب تھا پھر

---

(١) (عربی بناتے وقت لیڈر کی جمع لانے سے حضرات کا مفہوم ادا ہو جائے گا)

www.dawateislami.net

مالدار ہوگیا ✪ عمرو کی لڑکی زینۃ النساء گاؤں کی سب لڑکیوں کو پڑھاتی

ہے ✪ جو اخبار آپ مانگ رہے ہیں وہ میرے پاس نہیں ہے۔

ان احادیث کریمہ کا ترجمہ اردو میں لکھیں

★شَبَابٌ جمع شَابٍّ جوان ★اَلنَّهْيُ روکنا، منع کرنا ★اَلتَّحْرِيْشُ لڑانا

★اَلْهَدْمُ ڈھانا ★صَاحِبُ الْبِدْعَةِ بدمذہب ★اَلإِقَامَةُ پابندی کرنا،

سنبھالنا، قائم کرنا ★اَلإِعَانَةُ مدد کرنا ★اَلْعِمَادُ ستون ★اَلْمِفْتَاحُ کنجی

★اَلطُّهُوْرُ وضو ★اَلإِبْغَاضُ دشمنی کرنا ★اَلْبَهِيمَةُ چوپایا

★اَلصَّلاةُ عِمَادُ الدِّيْنِ ★فَمَنْ أَقَامَهَا فَقَدْ أَقَامَ الدِّيْنَ ★وَمَنْ تَرَكَهَا

فَقَدْ هَدَمَ الدِّيْنَ[1] ★مَنْ وَقَّرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ فَقَدْ أَعَانَ عَلَى

هَدْمِ الإِسْلَامِ[2] ★مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا[3]

★نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّحْرِيْشِ ❶ بَيْنَ

---

(۱) (منية المصلي مع شرح غنية المتملي، ص۱۱)

(۲) (مشكاة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الحديث: ۱۸۹، ۱/۱۰۰، دار الفكر بيروت)

(۳) (سنن النسائي، كتاب الأذان، باب الصلاة على النبي صلى الله عليه وآله وسلم، الحديث: ٦٧٥، ص۱۱۷) ❶ لڑائی کرانا

www.dawateislami.net

البَهائِمِ[١] ★اعْلَمُوا أنَّ الأرْضَ للهِ ورَسُولِه[٢] ★مِفْتَاحُ الجَنَّةِ الصَّلاۃُ ومِفْتَاحُ الصَّلاۃِ الطُّهُورُ[٣] ★خَيْرُكُم مَنْ تَعَلَّمَ القُرْآنَ وعَلَّمَه[٤] ★قَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنهُمَا كُنّا نَقُوْلُ وَرَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ أَفْضَلُ أمّةِ النّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَليهِ وَسَلَّمَ بَعْدَه أبُوبَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمّ عُثْمانُ رَضِيَ اللهُ تَعالٰى عَنهُم[٥] ★الحَسَنُ والحُسَيْنُ سَيِّدا شَبَابِ أهْلِ الجَنَّةِ (رضي الله تعالى عنهما)[٦] ★لا يُحِبُّ عليًّا مُنافِقٌ ولايُبْغِضُه مُؤمِنٌ (كَرَّمَ اللهُ تعالٰى وَجْهَه الكَرِيم)[٧]

---

(١) (سنن الترمذی، کتاب الجهاد، باب ماجاء فی کراهية التحريش...، الحديث: ١٧١۴، ٣/٢٧١)

(٢) (صحيح مسلم، کتاب الجهاد والسير، باب اجلاء اليهود، الحديث: ١٧٦٥، ص ٩٧١)

(٣) (مشکاۃ المصابيح، کتاب الطهارة، الفصل الثالث، الحديث: ٢٩۴، ١/١٢٧، دارالفکر بيروت)

(٤) (سنن ابن ماجه، المقدمة، باب فی فضل من تعلم القرآن، الحديث: ٢١١، ١/١٣٩)

(٥) (مشکاۃ المصابيح، کتاب المناقب والفضائل، باب مناقب أبي بکر، الحديث: ٦٠٢٥، ٣/٣٣٧، دار الفکر بيروت)

(٦) (سنن الترمذی، کتاب المناقب، باب مناقب أبي محمد الحسن..، الحديث: ٣٧٩٣، ٥/٤٢٦)

(٧) (سنن الترمذی، کتاب المناقب، باب مناقب علي بن أبي طالب..، الحديث: ٣٧٣٨، ٥/٤٠٠)

www.dawateislami.net

مَكْتَبَةُ الْبَرِيْدِ

★الْبِطَاقَةُ ★الْغِلَافُ ★الطَّرْدُ ★الطَّابِع ★السَّاعِي ★مُدِيرُ الْبَرِيْد ★صُنْدُوقُ الْبَرِيْدِ ★التَّحْوِيلُ على الْبَرِيدِ ★التَّحْوِيلُ عَلى الْمشترى ★الإِلْقَاءُ ★الهاتِفُ ★التِّلْغِرَافُ ★الْعُنْوَانُ ★الْمُضِيُّ ★الْمِذْيَاعُ.

★مَضَتْ مُدَّةٌ مَدِيدَةٌ عَلى أَنَّ زَيدًا لَمْ يَكْتُبْ إِلَيَّ كِتَاباً ★أَرْسَلْتُ عِشْرِينَ كِتَابًا بِالتَّحْوِيلِ عَلى الْمُشْتَرى ❶ ★مِنْ أَيْنَ جَاءَتْ هٰذِهِ الطُّرُوْدُ ❷ ★سَيِّدِيْ مِنْ لَاهَوْر ★اُكْتُبِ الْعُنْوَانَ عَلى الْغِلَافِ ثُمَّ أَلْقِهٖ فِي صُنْدُوقِ الْبَرِيْدِ ★يَا وَلَدُ! اِذْهَبْ إِلى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ وَائْتِ بِالْبَرِيْدِ ★مَنِ السَّاعِي؟ ★أَنَا حَاضِرٌ ★لِمَ تُؤَخِّرُ تَوزِيعَ ❸ الْمَكَاتِيبِ؟ ★سَيِّدِي! اعْفُ عَنِّي ★لا أُؤَخِّرُ بَعدَ

---

❶ وی پی ❷ پارسل ❸ تقسیم کرنا

www.dawateislami.net

الآنَ ★أرْسَلَ مُدِيرُ المَدْرَسَةِ إلَيَّ تِسعِينَ رُوبِيةً بالتَّحْوِيلِ عَلى البَرِيدِ ★أخْبرَنا زَيدٌ بِالتِّلْغرَافِ❶ ★أَلْزِقِ❷ الطَّوابِعَ❸ بالغِلافِ ★كَم أُجْرَةَ البِطاقَتَينِ❹؟ ★ثَلاثُونَ فَلْسًا ★يا أخِي! اسْئَلْ مُدِيرَ البَرِيدِ عَنْ أجْرَةِ الغِلافِ ★البَرِيدُ الجَوِّيُّ يَجِيءُ كُلَّ يَومٍ مِن العَرَبِ إلى الهِندِ ★مَا هذا سَيِّدِي! هذا هَاتِفٌ ★مَا يُقَالُ لَه بِالأُرْدِيَّة؟ يُقَالُ لَه بالأُرْدِيَّةِ "ٹیلیفون" ★أرِيدُ أنْ أتَكَلَّمَ أخِي فِي بَمبئي بِالهَاتِفِ ★أتَأْذَنُ لِي؟ نَعَمْ لكِن لابُدَّ لكَ مِن أداءِ الأُجْرَة علَيهِ ★كَمْ نَمْرَةَ هاتِفِكَ؟ نَمْرَتُه مائتانِ وثَلاثَةُ آلافٍ ★مَكْتَبُ البَرِيدِ العَامِّ لِدائِرَتِنا في لكنؤ ★تَصِلُ الأخْبارُ إلى النَّاسِ بِالمِذْياعِ❺ عَلَى الأعْجَلِ ★مَا أحْسَنَ هذا الوَرْدَ الأحْمَرَ ★﴿فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُم وأيْدِيَكُم﴾.

---

❶ تار، ٹیلی گراف ❷ تو چپکا ❸ مطبوعات ❹ دوکارڈ ❺ ریڈیو

www.dawateislami.net

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

اِن پوسٹ کارڈوں کو لیٹر بکس میں چھوڑ دو ✿ خالد نے پیکٹ پر ٹکٹ چسپاں کر دیا ✿ بمبئی سے تار کس نے بھیجا؟ ✿ میں نے لفافہ پر پتہ لکھ دیا ہے ✿ بکر نے پندرہ کتابیں بذریعہ وی پی طلب کی ہیں ✿ کیا پوسٹ مین ڈاک لایا؟ ✿ آپ کے حلقہ کا ڈاک خانہ کہاں ہے؟ ✿ ایک گاؤں میں جس کا نام اکبر پور ہے ✿ آج میں اپنے چچا سے بذریعہ ٹیلیفون بات کروں گا ✿ بتائیے میرے ذمہ کتنی فیس ہے ✿ ہم تمہارے پاس بذریعہ منی آرڈر روپیہ بھیجیں گے ✿ ریڈیو سے خبریں سارے عالم میں پہنچتی ہیں ✿ میں آج جنرل پوسٹ آفس جاؤں گا ✿ تم نے سارے روپے ضائع کر دیے ✿ پوسٹ ماسٹر خالد نے ہم کو بلایا ہے ✿ جو ٹکٹ تمہارے پاس تھا، کہاں ہے؟ ✿ جناب کے صاحب زادے احمد نے میرے پاس خط لکھا ہے ✿ کس نے آ کر دروازہ کھول دیا ✿ سید عبد الجبار کھانا کھا کر تشریف لائیں گے ✿ محمود نے آج بیٹھ کر نماز پڑھی ہے ✿ یہ کاغذ کتنا سفید ہے ✿ میری بہن روزانہ قرآن شریف پڑھتی

www.dawateislami.net

ہے ✪ مدرسے کے تمام لڑکے اپنے استاد کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو گئے ✪ زید اور خالد میں اب کچھ دشمنی نہیں ہے۔

روزمرہ کے الفاظ مستعملہ

✪ اگرچہ ✪ ورنہ ✪ چونکہ ✪ اس لئے ✪ بہت ✪ ہی ✪ برائے کرم ✪ نے لگا ✪ بہ سبب ✪ باوجود اس کے ✪ حالانکہ ✪ کیوں نہیں ✪ رہا۔

★الكونُ ★وإلّا ★وإنْ ★فَقَطْ ★الدَّبِيْبُ ★الأَسْفَارُ ★شُكْراً لكَ ★لِفَضْلِكَ ★الطَّرَّارُ ★الاتّخاذُ ★إنَّمَا ★أمَّا ★إذْ ★ها ★أيُّ

★هذا نَبْغِي ★عَنْ بَكْرٍ رَضِيْتُ ★أُكْرِمْ زَيْداً لِكَوْنِهِ عالِماً ★يأيُّهَا النَّاسُ! اجْتَنِبُوا ذلِكَ الرَّجُلَ لِكَوْنِهِ شَرِيْراً ★يا وَلَدُ! أعْرِضْ عَنْ عَمْرٍو إذْ هُوَ جَاهِلٌ ★لا تَقْرَبُوا الزِّنَى لِأَنَّهُ فاحِشَةٌ ★بَكْرٌ تَابَ عَنْ شُرْبِ الخَمْرِ لِأَنَّهُ حَرَامٌ ★إنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ

www.dawateislami.net

بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ ❶ إلهاً ★زَيدٌ لَمْ يَغْتَسِلْ لِكَوْنِهِ مَرِيضاً ★لاتَقْرَبِ الْمَيْسِرَ ❷ لِأَنَّه إثْمٌ ★خَالَمَا وَصَلْتُ الْمَحَطَّةَ أَخَذَ الْقِطَارُ فِي الدَّبِيبِ ❸ ★إنْ أَقَمْتَ الصَّلاةَ فَطَيِّبٌ وإلاَّ أُعَاقِبُكَ ★لاتُكْرِمْ أَحَدًا مِن أَهْلِ الْبِدَعِ وإنْ كَانَ عالِماً ★إنْ هُوَ إلاَّ مِثْلُ حِمارٍ يَحْمِلُ أَسْفَاراً ★مَا ضَرَبْتُ إِلَّا زَيداً ★اذْهَبْ إلى الْمَدْرَسَةِ فَقَطْ ★مَا خَلَقَ اللهُ تَعالى الْجِنَّ والإِنْسَ إلّا لِلْعِبَادَةِ ★اللّٰهُمَّ إيَّاكَ نَعْبُد وإيَّاكَ نَسْتَعِينُ ★بَعْضُ الْحُرُوف يَجُرُّ الاسْمَ فَقَطْ ★إيّانا دَعَوْتَ ★هذا الْيَتِيمَ أَعَنّا ★كَانَ لِمَلِكٍ وَلَدانِ ★أَمَّا الْوَلَدُ الأَكْبَرُ فأَخَذَ الْعِلْمَ مِن الْعُلَماءِ فَصارَ عالِما ★وأَمّا الْوَلَدُ الثَّانِي فَأَعْرَضَ عَنِ الْعِلْمِ ★وَمالَ إلى جَمْعِ الرُّوبِيات وَصارَ ثَرِيّا ❹ اقْضِ أَيُّهُما خَيْرٌ ★ياسَيِّدِي! أُرِيدُ أنْ أَقْرَأَ عَلَيكَ عِدَّةً مِنَ....

---

❶ بچھڑا ❷ جوا ❸ رینگنا ❹ مال دار

www.dawateislami.net

الكُتُبِ النَّحْوِيَّة ★أيُّها الوَلَدُ العَزِيزُ! اقْرَأ عَلَيَّ أيَّ كِتابٍ شِئْتَ ★شُكْرًا لِفَضْلِكَ ★أرِنِي لِفَضْلِكَ الشارِعَ الَّذِي يَذْهَبُ إلى المَحَطَّةِ ★ها هُوَ ذا ★هَلْ تُصَلِّي مَعَ أنَّكَ عاقِلٌ بالِغٌ ★إنِّي مُتَأسِّفٌ جِدًّا ★زَيدٌ ذَهَب راجِلًا[1] مَعَ أنَّ عِنْدَه دَرّاجَةً ★عَمْرٌو أخَذَ في القَولِ لِي ★لا اسْتَطِيعُ أنْ أصُومَ ★وُلِدَ أخُو فاطِمَةَ مُحَمَّدٌ في اللَّيلَةِ الخامِسَةِ والعِشْرِينَ مِن جُمادَى الأُولى سَنَةَ ثَمانٍ وسَبْعِينَ وثَلاثِمائَةٍ وألْفٍ مِنَ الهِجْرَةِ ★الجُزْءُ الثّاني مِنْ "فَيْضِ الأدَب" إنّما صُنِّفَ بِهذا العامِ ★هذا الكِتابُ رُتِّبَ بِسَنَةِ تِسْعٍ وخَمْسِينَ وتِسْعِ مائَةٍ وألْفٍ مِن العِيسَوِيَّةِ ★لَوْ كانَ لي مالٌ لَأنْفَقْتُ عَلَيكَ ★بَكْرٌ لا يُزَكِّي مَعَ كَوْنِه صاحِبَ المالِ ★إنَّما قَرَأ زَيدٌ ★إنّما عَمْرٌو كَتَبَ.

---

[1] پیدل چلنے والا

www.dawateislami.net

فائدہ جلیلہ

«إِنَّما» کا ترجمہ حسب محاورہ "محض"، "صرف"، "ہی" "ہے"، "جزیں نیست" رواں اردو کے مطابق نہیں ہے حضرات اساتذہ طلبہ کو وضاحت سے بتائیں کہ «إِنَّما» جملہ کے جزء اخیر کے حصر کے لئے آتا ہے لہذا ترجمہ کرتے وقت لفظ «ہی» یا «صرف» جزء اخیر میں بڑھانا ہو گا۔

مشق

أَلْبِسُوا الْجُمَلَ الآتِيَةَ بِالزِّيِّ الْعَرَبِيِّ

✪ تندرست ہوتے ہوئے بھی بکر روزہ نہیں رکھتا ہے ✪ چونکہ میں بیمار ہوں اس لئے بازار نہ جا سکوں گا ✪ برائے کرم میرے ساتھ چلئے ✪ خالد بہت بھوکا ہے ✪ میں نے جیسے ہی زید کو مارا وہ رونے لگا ✪ تم مسجد ہی میں نماز پڑھو ✪ اے محمود! تم مولوی خالد سے اپنا سبق پڑھو ✪ حضور! میں آپ ہی سے پڑھوں گا ✪ تم جاہل سے کنارہ کش رہو اگرچہ وہ مالدار ہو ✪ آج لڑکے صرف ھدایۃ النحو پڑھیں گے ✪ رہا زید تو میں اسے انعام دوں گا ✪ مندرجہ ذیل آیتوں کا ترجمہ کریں

مجلس: "المدينة العلمية" (دعوتِ اسلامي)
www.dawateislami.net

✪تم میرے ساتھ کیوں نہیں چلتے ✪زید مجھ پر ظلم کرتا ہے حالانکہ میں اس کا بھائی ہوں ✪بکر نے زید ہی کو پڑھایا ✪عمرو کون سی کتاب پڑھتا ہے؟ ✪میں نے صرف لاٹھی سے مارا۔

السَيَّارَةُ وَالقِطارُ

★السّائِقُ ★البِتْرُولُ ★قِطارُ البَضائِعِ ★القِطارُ البَرِيدِيُّ ★العَتَّالُ ★العَرَبَةُ ★العَرَبَجِيُّ ★مَكْتَبُ التَّذْكِرَةِ ★قِطارُ الرُّكَّابِ ★مَوْقِفُ السَّيَّارَةِ

★يا أخانا! سِرْ مَعَنا إلى مَوْقِفِ السَّيَّارَةِ[1] ★مَنْ هٰذا الرَّجُلُ؟ هٰذا سائِقُ[2] السَّيَّارَةِ اسْمُه عَبْدُ الكَرِيمِ هُوَ مِنَ الَّذِينَ يَسُوقُونَ السَّيَّارَةَ بِسُرْعَةِ السَّيْرِ ★زَيْدٌ افْتَتَحَ سَوْقَ السَّيَّارَةِ ★بِمَ تَسِيرُ السَّيَّارَةُ؟ تَسِيرُ بِالبِتْرُولِ ★وَما هُوَ؟ هُوَ نَوْعٌ مِن زَيْتِ الغارِ ★على أيِّ شارِعٍ تَسِيرُ السَّيَّارَةُ بِالسُّرْعَةِ ★عَلى الشّارِعِ المُعَبَّدِ ★إنِّي

---

[1] موٹر گاڑی کا اڈا [2] ڈرائیور

www.dawateislami.net

أُسَافِرُ مِن کانْفُورَ إلی لکنؤ بالسَّیَّارَةِ علی الدَّوامِ ★ما هذه؟ هذه سِکَّةٌ حَدِیدَةٌ وعَلَیها یَسِیرُ القِطارُ ★هَا انْظُرْ مَجِيءَ القِطَارِ وهُو یُطِیرُ الدُّخَّانَ (١) ★أهذا هُو الَّذِي یُسَمِّیهِ العَوامُ "ریل گاڑی"؟ نَعَمْ ★أهذا قِطارُ الرُّکّابِ؟ لا بَلْ هُو قِطارُ البَضائِعِ (٢) ★أیُّها العَرَبَجِيُّ (٣)! سُقِ العَرَبَةَ وَأوْصِلْنا إلی المَحَطَّةِ عَلی الفَوْرِ جِدّا لِأنّي أرِیدُ أنْ أذْهَبَ بِالقِطارِ البَرِیدِيّ ★الوَقْتُ قَدْ بَقِيَ قَلِیلًا ★وَهُو لا یَقِفُ علی هذِهِ المَحَطَّةِ إلاّ أمَداً یَسِیرًا ★لا تَضْطَرِبْ سَیِّدِي! إنَّه الیَومَ مُتأخِّرٌ عَنِ الوَقْتِ ★مَتی یَصِلُ إلی هٰهُنا؟ ★یَصِلُ عَلی السَّاعَةِ الثَّامِنَةِ ★قَدْ أصْبَحَتِ السّاعَةُ الثَّامِنَةَ إلّا خَمْسَ دَقائِقَ ★ أیُّها العَتَّالُ (٤) ادْخُلِ العَفْشَ (٥) في القِطارِ ★أیْنَ مَکْتَبُ التَّذْکِرَةِ؟ (٦) أمامَكَ ★أعْطِنا تَذْکِرَةَ الدَّرَجَةِ الأُولی إلی

---

(١) دھواں (٢) مال گاڑی (٣) گاڑی بان (٤) قُلی (٥) سامان (٦) ٹکٹ گھر، بکنگ آفس

www.dawateislami.net

بَمبئي ★كَمِ الأُجرَةُ؟ عِشرُونَ رُوبِيَةً ★دُلَّنِي لِفَضْلِكَ على أُجرَةِ الدَّرجَةِ الثَّالثَةِ ★سَبْعُ رُوبِيَاتٍ ★القَطَّارَةُ صارَتْ تُصَفِّرُ ❶ ★قِطَارُ الرُّكَّابِ يَجُوبُ ❷ ثَلاثِينَ مِيلاً في سَاعَةٍ ★كَمْ أُجرَةً تَأْخُذُ على الأطفالِ؟ ★تُؤْخَذُ عَلَيهِمْ أُجرَةٌ كامِلَةٌ إنْ كانَتْ سِنُّهُم أَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً ★لايَخْرُجُ عَنِ العُهْدَةِ مَنْ أَدَّى صَلاةَ الفَرْضِ في القِطارِ السَّائِرِ ❸ ★اعْلَمْ أنَّ السَّيَّارَةَ والقِطارَ والطَّيَّارَةَ هِيَ المَراكِيبُ الَّتِي قَدْ أَخْبَرَ اللهُ عَنها قَبْلَ حُدُوثِها جِدًّا كَما جاءَ فِي القُرآنِ ﴿وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ﴾ النَّاسُ مُحتاجُونَ إلى هذِهِ المَراكِيبِ في العَصْرِ الحاضِرِ.

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪ یہاں مال گاڑی کب آئی؟ ✪ نو بجے آئی ہے ✪ تم کس ٹرین سے

---

❶ سیٹی بجا کر بلانے لگی ❷ سفر طے کر رہے ہیں ❸ چلتی ہوئی ٹرین

www.dawateislami.net

بمبئی جانا چاہتے ہو؟ ✪ میں میل ٹرین «ڈاک گاڑی» سے جاؤں گا ✪ آج پسنجر ٹرین لیٹ ہے ✪ ریلوے لائن پر مت چلو ✪ بکنگ آفس (ٹکٹ گھر) میں جاکر تھرڈ کلاس کا ٹکٹ حاصل کرو ✪ وہ دیکھو کتنی تیزی سے موٹر آرہاہے ✪ جی ہاں میں بھی دیکھ رہاہوں ✪ موٹر بھی زمانۂ موجودہ میں ایک بہترین سواری ہے ✪ لیکن اس کے لئے پختہ سڑک ضروری ہے ✪ اس وقت پانچ بجکر پندرہ منٹ ہو چکے ہیں ✪ اب مجھے بس اسٹیشن جاناہے ✪ ارے جناب! موٹر میں پٹرول نہیں ہے ✪ ٹرین یہاں تھوڑی دیر ٹھہرے گی ✪ ڈرائیور صاحب! موٹر اسٹارٹ کیجئے۔

ذیل کی حکایات کا ترجمہ اردو میں لکھیں

★الإبرازُ ظاہر کرنا ★الأُصْبُعُ انگلی ★الصَّرَخُ چیخنا، چلانا ★النُّزُوْلُ اترنا ★الإسْرَاعُ جلدی کرنا ★الإطلَالُ جھانکنا ★الشُّبَّاكُ جھروکا، کھڑکی ★الهَرَبُ بھاگنا ★التَّنَاوُلُ لینا ★الألَمُ درد ★رَأی دیکھا ★العَاوِيُ بھونکنے والا ★النَّائِمُ سویاہوا ★النِّدَاءُ پکارنا ★المَدُّ پھیلانا

www.dawateislami.net

